Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹرانچیف محمد فیصل ندیم

جلد 13 — جمعۃ المبارک 17 شوال المکرم 1443ھ 20 مئی 2022ء 6 جیٹھ 2079 ب — شمارہ 41

حکومت کی امپورٹڈ موبائل فونز، چاکلیٹ و دیگر اشیاء درآمد کرنے پر پابندی

ملک میں مہنگائی کی وجہ سابق وزیراعظم کا آئی ایم ایف سے کیا گیا معاہدہ ہے، ملک میں اس وقت عوامی حکومت ہے، جس میں وفاق کی تمام اکائیاں، تمام صوبوں کی نمائندگی موجود ہے، 4 سال عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا گیا

معیشت کو تباہ، مہنگائی کی شرح کو بڑھایا گیا، کنٹینر پر کھڑے ہوکر 4 ہفتوں کی حکومت سے سوال کرنے والے سازشی کو اپنے گریبان میں جھانکنا اور شرم کرنی چاہئے، وفاقی وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب کی پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ ملک میں مہنگائی کی وجہ سابق وزیراعظم عمران خان کا آئی ایم ایف سے کیا گیا معاہدہ ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

Vision For Pak

لاہور، وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز ماڈل ٹاؤن سیکرٹریٹ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں، عطاء اللہ تارڑ، حسن مرتضیٰ، امیر معاویہ، اسد کھوکھر اور دیگر بھی موجود ہیں

لگژری آئٹمز پر پابندی سے قیمتی زرمبادلہ کی بچت ہوگی

شہباز شریف

حکومت کی جانب سے معیشت کی بہتری کیلئے لگژری آئٹمز کی درآمد پر تین ماہ کیلئے مکمل پابندی عائد

مالی طور پر آسودہ حال لوگوں کو اس قومی مہم میں ایک مثال بننا ہوگا تاکہ مالی مسائل کا شکار ہم وطنوں کو مہنگائی کی اس آگ سے بچایا جاسکے، وزیراعظم

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ لگژری سامان کی درآمد پر پابندی کے فیصلے سے ملک کے قیمتی زرمبادلہ کی بچت ہوگی، ہم کفایت شعاری پر سختی سے عمل کریں گے۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)

وفاقی وزیر مفتی عبدالشکور سے حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے وفد کی ملاقات

حج ایک مذہبی فریضہ ہے اس کیلئے حکومت پاکستان ہر ممکن بہتری کیلئے اقدامات کر رہی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی مفتی عبدالشکور سے حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ہوپ) کے وفد نے ملاقات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)

وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کا 10 کلو آٹے کا تھیلا 490 روپے کرنے کا اعلان

مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے سستے آٹے کی فراہمی کیلئے عوام پر سالانہ 200 ارب روپے کا بوجھ کم کرنے کا فیصلہ کیا ہے، چینی اور گھی کی قیمتیں بھی کم کرنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں

جلد عوام کو مزید خوشخبری دینگے، خود بازاروں کے دورے کرونگا، عمران نیازی سیاست نہیں کر رہا بلکہ انتشار اور افراتفری چاہتا ہے، یہ شخص قوم پر ظلم کرکے آج انقلاب کے نعرے لگا رہا ہے

عمران نیازی کہتا ہے میرے مارچ میں فوج کے خاندان بھی ہونگے، یہ بات بڑی سنگین بات ہے، اداروں کو اسکا نوٹس لینا چاہیے' وزیراعلیٰ حمزہ شہباز کی اتحادیوں کیساتھ پریس کانفرنس

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے صوبے کے عوام کیلئے چیف منسٹر ریلیف پیکیج کے تحت پنجاب بھر میں آٹے کی قیمت میں ریکارڈ کمی کا اعلان کیا ہے اور کہا ہے کہ مارکیٹ میں 10 کلو آٹا تھیلا کی قیمت اس وقت 650 روپے سے زائد ہے لیکن مسلم لیگ (ن) کی حکومت نے پنجاب بھر کے عوام کیلئے 10 کلو آٹا تھیلا کے نرخ میں 160 روپے کمی کا فیصلہ کیا ہے اور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

ہم امپورٹڈ حکومت نہیں الیکشن کے ذریعے آزادی چاہتے ہیں عمران خان

اس حکومت کے خلاف ہونے والے ہمارے آزادی مارچ میں اتنے لوگ شرکت کریں گے جتنے لوگوں نے نہ صرف پاکستان کی تاریخ میں بلکہ برصغیر کی تاریخ میں کبھی کسی مارچ میں شرکت نہیں کی ہوگی

برصغیر کی تاریخ کا سب سے بڑا عوامی سمندر اسلام آباد میں آنے والا ہے، اسلام آباد آنے والے عوامی سمندر کا ہراول دستہ ہمارے پرجوش نوجوان ہیں، عمران خان

ہمارے اسلام آباد مارچ سے قبل ہونے والا ہمارا آخری جلسہ (آج) جمعہ کو ملتان میں ہوگا اور اس جلسے میں آپ سب کو میں وہ دن بتاؤں گا جس دن میری ساری قوم نے اسلام آباد پہنچنا ہے، سابق وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیراعظم اور پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان نے ایک بار پھر ملک میں فوری انتخابات کے انعقاد کا مطالبہ دہراتے ہوئے کہا ہے کہ جب تک ہمیں صاف و شفاف انتخابات کی تاریخ نہیں ملے گی اس وقت تک عوام کا سمندر اسلام آباد سے واپس نہیں جائیگا۔ خیبر پختونخوا ہاؤس میں پارٹی کے کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

وزیراعظم شہباز شریف کے (آج) دورہ کراچی کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف کے (آج) جمعہ کو دورہ کراچی کا امکان ہے جہاں وہ نیوی کی تقریب میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

وزیر تعلیم کی کراس ایجنسی ورکنگ گروپ آف چائلڈ کے وفد کی ملاقات، تعلیم کے حوالے سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت رانا تنویر حسین نے سٹیئرنگ کوچنگ، ایکسٹرل سیکورٹی کمشنر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

وزیرستان، دھماکے سے پاک فوج کا سپاہی شہید، کارروائی میں دہشت گرد مارا گیا

راولپنڈی (این این آئی) خیبرپختونخوا کے ضلع جنوبی وزیرستان میں دھماکے سے پاک فوج کا ایک سپاہی شہید ہوگیا جبکہ شالی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 3)

عدالت نے نیب اور ایف آئی اے کو تاحکم ثانی کوئی مقدمہ عدالتی فورم سے واپس لینے سے روک دیا، عدالت عظمیٰ نے 6 ہفتوں کے دوران ایگزٹ کنٹرول لسٹ سے نکالے گئے افراد کی فہرست طلب کرلی

ہائی پروفائل مقدمات پر سپریم کورٹ کا تقرریاں و تبادلے روکنے کا حکم

ڈائریکٹر جنرل ایف آئی اے، چیئرمین نیب، سیکرٹری داخلہ، تفتیشی افسران اور تبدیل اور پوسٹ ہونے والے افسران کے علاوہ تمام صوبوں کے پراسیکیوٹر جنرل اور ایف آئی اے کے لیگل ڈائریکٹر کو نوٹس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے ہائی پروفائل مقدمات میں تقرر و تبادلوں پر پابندی عائد کرتے ہوئے قومی احتساب بیورو (نیب) اور وفاقی تحقیقاتی ادارے (ایف آئی اے) کو تاحکم ثانی کوئی مقدمہ عدالتی فورم سے واپس لینے سے روک دیا جبکہ چیف جسٹس عمر عطاء (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 17)

ابھی تک پی ٹی آئی نے کسی قسم کی کوئی منی ٹریل پیش نہیں کی، اکبر ایس بابر

ہمیں توقع تھی تحریک انصاف کے فائنانشل ایکسپرٹ فارن فنڈنگ کے حوالے سے تفصیلات دینگے، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک کے بانی رکن اکبر ایس بابر نے کہا ہے کہ ابھی تک پی ٹی آئی نے کسی قسم کی کوئی منی ٹریل پیش نہیں کی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ہمیں توقع تھی کہ تحریک انصاف کے فائنانشل ایکسپرٹ فارن فنڈنگ کے حوالے سے تفصیلات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

اسلام آباد، وزیراعظم شہباز شریف سے چین کا وفد ملاقات کر رہا ہے

طالبان حکومت کو تسلیم کرنے کا فیصلہ عالمی برادری کیساتھ مل کر کرینگے

بلاول بھٹو

ملک کے وسیع تر مفاد میں اتحادی حکومت بنائی جس کا مقصد جمہوریت اور معیشت کو درپیش خطرات سے موثر انداز میں نمٹنا ہے

اتحادی حکومت میں شامل جماعتیں انتخابی اور جمہوری اصلاحات کے لئے مل کر کام کریں گی، وفاقی وزیر خارجہ بلاول کا انٹرویو/خطاب

نیویارک (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ ملک کے وسیع تر مفاد میں اتحادی حکومت بنائی جس کا مقصد جمہوریت اور معیشت کو درپیش خطرات سے موثر انداز میں نمٹنا ہے، اتحادی حکومت میں شامل جماعتیں انتخابی اور جمہوری اصلاحات کے لئے مل کر کام کریں گی، انتہاپسندی اور دہشتگردی کے خلاف اقدامات اور اسلام کا پرامن پیغام پھیلانے کیلئے کام کرتے رہیں گے۔ طالبان حکومت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)

خورشید احمد شاہ کا آئندہ الیکشن میں عمران خان کیخلاف گرینڈ الیکشن الائنس کا عندیہ

ہم نے حکومت لے کر احسان کیا، ختم کی جاتی تو ہمارے اوپر احسان ہوگا

ہم نے حکومت لے کر احسان کیا، ختم کی جاتی تو ہمارے اوپر احسان ہوگا، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر سید خورشید احمد شاہ نے آئندہ الیکشن میں عمران خان کے خلاف گرینڈ الیکشن الائنس کا عندیہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ ہم نے حکومت لے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 18)

ملکی معیشت کو تباہی کے قریب تر کیا جارہا ہے، بیرسٹر حماد اظہر

ملکی معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی جبکہ ابھی تک یہ طے نہ ہوسکا اس ملک کا وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل ہے یا اسحاق ڈار

فوری طور پر ملک میں عام انتخابات کرائے جائیں اور عوام کو فیصلہ کرنے دیں، تحریک انصاف کے رہنما و سابق وفاقی وزیر کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما حماد اظہر نے کہا ہے کہ ملکی معیشت تباہی کے دہانے پر پہنچ چکی جبکہ ابھی تک یہ طے نہ ہوسکا کہ اس ملک کا وزیرخزانہ مفتاح اسماعیل ہے یا اسحاق ڈار، پاکستان کی توانائی اور معیشت جب سے یہ حکومت آئی ہے تباہ ہوگئی ہے، لوڈشیڈنگ میں اضافہ ہوگیا ہے، دیہاتی علاقوں میں بیس گھنٹے کی لوڈشیڈنگ ہو رہی ہے۔ لوڈشیڈنگ کی وجہ بجلی کی پیداوار میں کمی کی ہے، فوری طور پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

عمران خان نے خود تسلیم کرلیا انہوں نے حکومت کے سامنے بحرانوں کا سمندر چھوڑا، شیری رحمٰن

مہنگائی 4 سے 13 فیصد اور ترقی کی شرح کو منفی پر لیکر جانیوالے جلسوں میں اب معیشت پر لیکچر دے رہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) نائب صدر پیپلز پارٹی سینیٹر شیری رحمان نے کہا ہے کہ عمران خان نے خود تسلیم کرلیا ہے انہوں نے حکومت کے سامنے بحرانوں کا سمندر چھوڑا ہے۔ اپنے بیان میں شیری رحمٰن نے کہا کہ مہنگائی 4 سے 13 فیصد اور ترقی کی شرح کو منفی پر لے کر جانے والے جلسوں میں اب معیشت پر لیکچر دے رہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ 20 کلو آٹے کی تھیلا 1100 اور چینی فی کلو 90 روپے پر چھوڑنے والے کہتے ہیں ملک میں مہنگائی بڑھ گئی ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)

عوام کیلئے مہنگائی کا طوفان لانے سے بہتر ہے حکومت چھوڑ دی جائے، مریم نواز

آج اگر ڈالر آسمان پر اور معیشت وینٹی لیٹر پر ہے تو اس کے ذمہ دار پی ٹی آئی چیئرمین ہیں

سرگودھا (نمائندہ خصوصی) پاکستان مسلم لیگ ن کی نائب صدر مریم نواز نے کہا ہے کہ آج اگر ڈالر آسمان پر اور معیشت وینٹی لیٹر پر ہے تو اس کے ذمہ دار پی ٹی آئی چیئرمین ہیں، اگر حکومت کو پیٹرول کی قیمت بڑھانی پڑے تو اسکے ذمہ دار عمران خان ہیں۔ سابقہ حکومت کی تباہی کا ٹوکرا اپنے سر نہیں لے سکتے، عوام کیلئے مہنگائی کا طوفان لانے سے بہتر ہے کہ حکومت چھوڑ دی جائے۔ سرگودھا میں مسلم لیگ ن کے جلسے سے خطاب کرتے ہوئے مریم نواز نے کہا کہ یہ شہر سرگودھا ہے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

تیز رفتار قومی ترقی کیلئے ابھرتی ٹیکنالوجیز کے شعبے میں کوششیں تیز کرنیکی ضرورت ہے، صدر مملکت

معنوی ذہانت، کوانٹم کمپیوٹنگ، سائبر سیکورٹی اور اسپیس ٹیکنالوجی میں فکری صلاحیتیں بڑھانا ہوں گی، عارف علوی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت عارف علوی نے کہا ہے کہ تیز رفتار قومی ترقی کیلئے ابھرتی ٹیکنالوجیز کے شعبے میں کوششیں تیز کرنے کی ضرورت ہے، معنوی ذہانت، کوانٹم کمپیوٹنگ، سائبر سیکورٹی اور اسپیس ٹیکنالوجی میں فکری صلاحیتیں بڑھانا ہوں گی۔ صدر ڈاکٹر عارف علوی نے ایوان صدر میں سینئر آفیسر لیڈر شپ کورس کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تیز رفتار قومی ترقی کیلئے ابھرتی ٹیکنالوجیز کے شعبے میں کوششیں تیز کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 19)

سابق وفاقی وزیر اطلاعات فواد چودری کا سپریم کورٹ کے فیصلے کا خیر مقدم

پہلی بار پاکستان میں قانون کی حکمرانی کے حوالے سے ایک پائیدار قدم اٹھایا گیا، فواد چودری

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر نائب صدر فواد چوہدری نے سپریم کورٹ کی جانب سے ہائی پروفائل مقدمات میں تقرریاں تبادلے روکنے کے حکم پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پہلی بار پاکستان میں قانون کی حکمرانی کے حوالے سے ایک پائیدار قدم اٹھایا گیا۔ اپنے بیان میں فواد چوہدری نے کہا کہ سپریم کورٹ کی جانب سے آج ایک تاریخی اقدام کیا گیا، پہلی بار پاکستان میں قانون کی حکمرانی کے حوالے سے ایک پائیدار قدم اٹھایا گیا۔ سابق وزیر نے کہا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

حکومت کو پریشر میں رکھنے کے بجائے آرام سے کام کرنے دیا جائے، اسحاق ڈار

پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا مسئلہ بنا ہوا ہے، عمران خان کہہ گئے 30 جون تک عوام پر بوجھ نہیں ڈالا جائے گا، میں نے ایک حل دیا ہے

عوام تو مہنگائی کی چکی میں پس چکے، قیمتیں نہیں بڑھائیں گے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا بوجھ وفاق اور صوبے اٹھائیں گے، گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وفاقی وزیر خزانہ اور پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اسحاق ڈار نے کہا ہے کہ حکومت کو پریشر میں رکھنے کے بجائے آرام سے کام کرنے دیا جائے، جب پریشر میں ہوں گے تو مکاؤ میں آجیں گی۔ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں نہیں بڑھائیں گے۔ جی ٹی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

مریم اورنگزیب نے یوم تکبیر پر ''نہ جھکے تھے، نہ جھکیں گے'' کا عنوان جاری کردیا

وزیراعظم شہباز شریف کا جوہری دھماکوں کے 24 سال مکمل ہونے پر 10 روزہ تقریبات منانے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اطلاعات مریم اورنگزیب نے یوم تکبیر پر ''نہ جھکے تھے، نہ جھکیں گے'' کا عنوان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف نے جوہری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

سپریم کورٹ نے تاریخی اور سنہری فیصلہ دیا

شیخ رشید

سب کو انہوں نے ہٹایا، ذاتی کارکنوں کو پراسیکیوشن میں رکھوا دیا، یہ نیب کو دھمکا رہے تھے، نیشنل سیکورٹی کونسل میں کبھی معاشی فیصلے ہوتے ہیں؟ انٹرویو

اسلام آباد (این این آئی) سابق وزیر داخلہ شیخ رشید نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ نے ہائی پروفائل کیسز میں تقرری و تبادلوں کو روک کر تاریخی اور سنہری فیصلہ دیا ہے، حکومت نے آتے ہی تمام کیسز کی فائلوں کو بدلا، تفتیش کار بدل دیئے، یہ ہفتہ بڑا اہم ہے، اس ہفتے اہم فیصلے ہوں گے۔ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)

بلاول بھٹو زرداری کی ترک وزیر خارجہ سے ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

پاکستان اور ترکی ایک دوسرے کیلئے ناگزیر ہیں، ترک وزیر خارجہ کی ملاقات میں بات چیت

نیویارک (این این آئی) چیئرمین پیپلز پارٹی اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے اپنے ہم منصب ترکی کے وزیر خارجہ میولود چاؤش اوغلو سے اقوام متحدہ کے ہیڈکوارٹر میں ملاقات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 21)

مشیر امور کشمیر و گلگت بلتستان قمر زمان کائرہ کی حمزہ شہباز سے ملاقات

صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال اور ترقیاتی منصوبوں پر تبادلہ خیال

لاہور (این این آئی) مشیر امور کشمیر و گلگت بلتستان قمر زمان کائرہ نے وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز سے ملاقات کی جس میں صوبے کی موجودہ سیاسی صورتحال اور ترقیاتی منصوبوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)

بلاول بھٹو زرداری سے ایوان بالا کے اراکین کی ملاقات، اراکین نے انٹرنیشنل مائیگریشن ریویو فورم کی پیش رفت سے آگاہ کیا

نیویارک (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

بلاول بھٹو زرداری کی جنرل اسمبلی کے صدر سے ملاقات، عالمی امور پر تبادلہ خیال

نیویارک (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین اور وزیر خارجہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)

اسلام آباد، وفاقی وزیراعظم شہباز شریف این ایس سی میٹنگ کی صدارت کر رہے ہیں

نیویارک، وفاقی وزیرخارجہ بلاول بھٹو زرداری پاکستانی سینیٹ کے وفد سے ملاقات کر رہے ہیں

افغانستان میں خواتین ٹی وی میزبانوں کو چہرہ ڈھانپنے کا حکم

کابل (این این آئی) طالبان نے افغانستان میں ٹی وی نشریات کا حصہ بننے والی تمام خواتین کو نشریات کے دوران چہرے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

آئین کے تحت ابھی بھی ایڈووکیٹ جنرل ہوں، احمد اویس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز کی جانب سے برطرف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)

لاہور، مرکزی رہنما پی ٹی آئی بیرسٹر حماد اظہر پی پی 146 میں ورکرز کنونشن سے خطاب کر رہے ہیں

وزیر تعلیم کی عالمی بینک کی جانب سے پاکستان میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کیلئے کیے جانیوالے کام کی تعریف

ہم جن اہم مسائل کا سامنا کر رہے ہیں ان میں اسکول سے باہر بچے اور کوویڈ 19 کی وجہ سے بنیادی تعلیم کی فراہمی شامل ہے

حکومت کا مقصد پاکستان کے تمام بچوں کو سکولوں تک رسائی اور متعلقہ سہولیات فراہم کرنا ہے، وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت رانا تنویر حسین نے عالمی بینک کی جانب سے پاکستان میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے کیے جانے والے کام کی تعریف کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت کا مقصد پاکستان کے تمام بچوں کو سکولوں تک رسائی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

عمران خان کو کچھ ہوا تو پاکستان کے حالات کوئی قابو نہیں کر پائے گا

اسد عمر

معیشت کا پہیہ چلنا شروع ہوا تو حکومت گرا دی گئی، لوگ معاف کردیتے ہیں مگر تاریخ معاف نہیں کرتی، بہتری کا راستہ انتخابات ہے

جس سے سیاسی افراتفری اور معاشی عدم استحکام ختم ہو جائے گا، اگر آپ نے کوئی غلطی کی تو پاکستان کو شدید نقصان ہوگا، پریس کانفرنس

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اسد عمر نے کہا ہے کہ اگر عمران خان کو کچھ ہوا یا ان کی جان کو نقصان پہنچانے کی کوشش کی گئی تو پاکستان میں وہ حالات پیدا ہو جائیں گے جنہیں قابو کرنا مشکل ہو جائیگا، معیشت کا پہیہ چلنا شروع ہوا تو حکومت گرا دی گئی، لوگ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)

نیب کی اعلیٰ حکام سے فرح خان کی طلبی کے نوٹس ارسال کرنیکی درخواست

فرح خان کی فوری طلبی کے لیے مقامی ایڈریس پر کال اپ نوٹس ارسال کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم عمران خان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کی دوست فرح خان اور ان کے شوہر احسن جمیل گجر کے خلاف آمدن سے زائد اثاثہ جات کیس میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

سپریم کورٹ پراسیکیوشن کے اداروں کی مانیٹرنگ نہیں کرسکتی، سابق اٹارنی جنرل

جن لوگوں کو سپریم کورٹ بلایا گیا انہیں عدالت کو بتانا چاہیے تھا وہ صرف وزیراعظم اور کابینہ کو رپورٹ کرتے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) سابق اٹارنی جنرل عرفان قادر نے کہا ہے کہ سپریم کورٹ پراسیکیوشن کے اداروں کی مانیٹرنگ نہیں کرسکتی، عدالت عظمیٰ اب ایگزیکٹو کے ڈومین (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

مسلم لیگ (ن) نے پارٹی کے منحرف اراکین سے رابطہ شروع کردیئے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) نے پنجاب اسمبلی میں اپنی پارٹی کے منحرف اراکین سے رابطہ شروع (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

عمران خان خواتین اور بچوں میں چھپنے کی کوشش نہ کریں، سینیٹر روبینہ خالد

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کی سینیٹر روبینہ خالد (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

اسلام آباد، وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ خان سے قطر کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

جرمن سفیر کی وفاقی وزیر طارق بشیر چیمہ کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں جرمنی کے سفیر برن ہارڈ شلیگن (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 34)

آئی ایس پی آر کی نگران وزیراعظم کیلئے معیشت دانوں کے انٹرویو راولپنڈی اور اسلام آباد میں ہونے کی تردید

اسلام آباد (این این آئی) نجی ٹی وی نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 35)

اسلام آباد، وفاقی وزیر دفاع خواجہ آصف سے بیلجیئم کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

بجلی کا بحران شدت اختیار کرگیا مختلف شہری اور دیہی علاقوں میں 12 سے 16 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ

کاروبار زندگی معطل ہوگیا بجلی کی بار بار بندش سے پانی کا بحران بھی شدت اختیار کرگیا، عوام کا شدید احتجاج

ملک میں بجلی کی مجموعی پیداوار 21 ہزار 447 میگاواٹ جبکہ بجلی کی کل طلب 26 ہزار 500 میگاواٹ سے زائد ہوگئی، پاور ڈویژن

لاہور (این این آئی) ملک میں بجلی کا بحران ایک مرتبہ پھر شدت اختیار کرگیا ہے جس سے کاروبار زندگی معطل ہوکر رہ گیا، مجموعی شارٹ فال 5 ہزار میگاواٹ سے تجاوز کرنے کے بعد مختلف شہری اور دیہی علاقوں میں دورانیہ 12 سے 16 گھنٹے تک پہنچ گیا ہے، بجلی کی بار بار بندش سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

اسلام آباد، وفاقی وزیرتعلیم رانا تنویر حسین سے ورلڈ بینک اور ایف سی ڈی او کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ن لیگ والے اس وقت جلتے توے پر لیٹے ہوئے ہیں، پرویز الٰہی

میں وزارت اعلیٰ کے مقابلے سے ہٹا نہیں، کیوں کہ انتخاب تو ہوا ہی نہیں، یہ تو کہیں اسٹینڈ ہی نہیں کرتے کیوں کہ حمزہ کا تو حلف بھی نہیں ہوا

پنجاب میں ان کو سرپرائز دیں گے جیسے پہلے سرپرائز دیئے تھے، ن لیگ کی کشت اب ظلم کی کشت بن گئی ہے، اور یہ ظلم بھی فیل ہے، سپیکر پنجاب اسمبلی

لاہور (این این آئی) اسپیکر پنجاب اسمبلی چوہدری پرویز الٰہی نے کہا ہے کہ (ن) لیگ والے اس وقت جلتے توے پر لیٹے ہیں، وفاق سے ان کی گیم ختم ہو چکی اور انہیں پتہ ہی نہیں، نجی ٹی وی کو دیئے گئے انٹرویو میں چوہدری پرویز الٰہی نے کہا کہ میں وزارت اعلیٰ کے مقابلے سے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 36)

سٹی نیوز

فاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی مفتی عبدالشکور سے حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ہوپ) کے وفد کی ملاقات

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وفاقی وزیر برائے مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی مفتی عبدالشکور سے حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان (ہوپ) کے وفد نے آج ملاقات کی۔ وفد میں چیئرمین ہوپ اور چاروں صوبائی صدور نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکریٹری انچارج برائے وزارت مذہبی امور اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان نے حج کے حوالے سے پیکیج کے لئے اپنی سفارشات وزیر موصوف کو پیش کیں۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے مذہبی امور مفتی عبدالشکور نے کہا کہ حج ایک مذہبی فریضہ ہے اس کے لئے حکومت پاکستان ہر ممکن بہتری کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ حاجیوں کو حج کے دوران پیش آنے والے مسائل کے تدارک کے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔ انہوں نے ہوپ وفد سے کہا کہ حاجیوں کی مشکلات کے ازالے کے لئے فوری اقدامات پر عملدرآمد کیا جائے۔ حاجیوں کی طرف سے جائز شکایت ملنے پر کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی غفلت برتنے والے عناصر کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے گا۔ تمام اسٹیک ہولڈرز حج کے لئے معاملات میں شفافیت کو یقینی بنائیں اس میں بددیانتی اور بدکرداری نہیں ہونی چاہیے۔ ایسے اقدامات کیے جائیں جس کی وجہ سے حج آپریشن متاثر نہ ہو بلکہ حاجیوں کے لئے آسانیاں پیدا کی جائیں۔ ایڈیشنل سیکریٹری انچارج برائے وزارت مذہبی نے بتایا کہ اس سال پاکستان کی طرف سے 81132 حجاج کرام حج کی سعادت حاصل کریں گے۔ اس دفعہ 40 فیصد کوٹہ گورنمنٹ اور 60 فیصد کوٹہ پرائیویٹ طور پر مخصوص کیا گیا ہے۔ حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے وفد نے وزیر موصوف کو یقین دلایا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ بہتر کارکردگی کے باعث موجودہ حکومت کی نیک نامی میں اضافے کا باعث بنیں۔ انہوں نے وزارت کی طرف سے کوٹہ کی شفافیت اور انصاف کو سراہا اور اطمینان کا اظہار کیا۔

آئی سی ایم اے انٹرنیشنل اور پاکستان ری انشورنس کمپنی کے مابین مفاہمتی یادداشت پر دستخط کی تقریب

پاکستان ری انشورنس کمپنی کے سی ای او فرمان زرکون نے کارپوریٹ شراکت داری پر زور دیا اور مل کر اکٹھے کام کرنے کے صنعتی اور تعلیمی اداروں کے روابط کو فروغ دینے کو بھرپور سراہا

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) آئی سی ایم اے انٹرنیشنل اور پاکستان ری انشورنس کمپنی نے کراچی میں دونوں اداروں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے باہمی طور پر فائدہ مند شراکت داری کو باقاعدہ بنانے کے لیے مفاہمت کی ایک یادداشت پر دستخط کیے۔ آئی سی ایم اے کی نمائندگی عامر اعجاز خان، ایگزیکٹو ڈائریکٹر، وجیہہ فریال، ڈائریکٹر ہیومن ریسورس، ثمرین نعمان، ڈائریکٹر- سینٹر آف ایکسی لینس اور سنائکیش عاصم، ہیڈ جاب پلیسمنٹ اینڈ انڈسٹری لنکیجز نے کی۔ دوسری جانب چیف ایگزیکٹو آفیسر فرمان زرکون، سید عامر چیف فنانشل آفیسر اور ارحم رحیم ہیڈ آف ہیومن ریسورسز نے پاکستان ری انشورنس کمپنی کے نمائندوں کے طور پر شرکت کی۔ جناب عامر اعجاز خان، ایگزیکٹو ڈائریکٹر نے میڈیا کو بریفنگ دی کہ یہ مفاہمتی یادداشت پاکستان کے انشورنس سیکٹر کے نئے دور کا بروقت آغاز ہے، اس اقدام کے ذریعے آئی سی ایم اے، پاک ری انشورنس کمپنی کے ساتھ ان کی تربیت اور ترقی کی ضروریات، تحقیق اور اشاعت کے حوالے سے شراکت داری کی بڑے پیمانے پر کوششیں کرے گا۔ پاکستان ری انشورنس کمپنی کے چیف ایگزیکٹو آفیسر جناب فرمان زرکون نے کارپوریٹ شراکت داری پر زور دیا اور مل کر اکٹھے کام کر کے صنعتی اور تعلیمی اداروں کے روابط کو فروغ دینے کو بھرپور سراہا۔ دونوں ادارے مستقبل میں مزید باہمی تعاون کے خواہاں ہیں۔

ضلع خیبر باڑہ PTI قمبر خیل یونٹ کی جانب سے خان صاحب کا پیغام

تحصیل باڑہ کے مختلف علاقوں اور قوم قمبر خیل میں مختلف بازاروں، گھروں، تجارتی مراکز وغیرہ میں پمفلٹ کی شکل میں تقسیم کیے گئے

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف عمران خان کی جانب سے امپورٹڈ حکومت کے خلاف اور آزادی مارچ اسلام آباد کے حوالے سے ضلع خیبر باڑہ PTI قمبر خیل یونٹ کی جانب سے خان صاحب کا پیغام تحصیل باڑہ کے مختلف علاقوں اور قوم قمبر خیل میں مختلف بازاروں، گھروں، تجارتی مراکز وغیرہ میں پمفلٹ کی شکل میں تقسیم کیے گئے۔ اس دوران امپورٹڈ حکومت کے خلاف سخت عوامی ردعمل اور آزادی مارچ میں بھرپور شرکت کرنے کے عوام کا اتحاد اور جذبہ قابل قدر رہا۔ عوام نے اس مارچ کو حقیقی معنوں میں پاکستان کی خودمختاری اور بیرونی سازشوں سے چھٹکارا پانے کا واحد ذریعہ قرار دیا۔ آزادی مارچ کے حوالے قمبر خیل PTI ورکرز دیگر علاقوں میں بھرپور کمپین چلائی گی۔ اس موقع پر تمام ساتھیوں اور دوستوں نے ہر قسم کی قربانی کے ذریعے باقی ماندہ علاقوں میں سلسلہ وار کمپین کے لیے مختلف کمیٹیوں کی تشکیل کے ذریعے گلی گلی نگر نگر بھرپور کمپین کیلئے اپنی خدمات پیش کیں۔ اس موقع پر پی ٹی آئی سرگرم رہنما یعقوب آفریدی پمفلٹ تقسیم کر رہے ہیں۔

وزیر اعظم شہباز شریف سے وکلا رہنماؤں کے وفد کی ملاقات

وکلا ملک کا عظیم اثاثہ ہیں، حکومت وکلا کے پیشہ وارانہ امور کی انجام دہی میں ہر ممکن تعاون کرے گی، شہباز شریف

اسلام آباد (اعجاز علی ساغر سے) وزیر اعظم شہباز شریف سے وکلا رہنماؤں کے وفد نے آج اسلام آباد میں ملاقات کی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر داخلہ رانا ثناءاللہ، وفاقی وزیر قانون جناب اعظم نذیر تارڑ، اٹارنی جنرل جناب اشتر اوصاف بھی شامل تھے۔ وکلا رہنماؤں کے وفد میں صدر سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن جناب احسن بھون، سربراہ پاکستان بار کونسل حفیظ الرحمان، صدر لاہور ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن جناب اکبر ڈوگر، سربراہ پنجاب بار کونسل جناب جعفر طیار، سربراہ اسلام آباد بار کونسل جناب قمر سبزواری، سید قلب حسن جناب امجد شاہ، جناب مسعود چشتی، عابد ساقی اور دیگر شامل تھے۔ وزیر اعظم نے وکلا برادری کے سینئر منتخب رہنماؤں کے حکومت پر اعتماد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ وکلا ملک کا عظیم اثاثہ ہیں حکومت وکلا کے پیشہ وارانہ امور کی انجام دہی میں ہر ممکن تعاون کرے گی۔ وزیر اعظم نے وزیر قانون کو ہدایت کی وکلا پروٹیکشن ایکٹ اور بار کونسل ایکٹ میں ترامیم پر فوری کام شروع کیا جائے۔ وکلا رہنماؤں نے وزیر اعظم شہباز شریف کو عہدہ سنبھالنے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ وکلا برادری جمہوری اداروں کی مضبوطی کے لیے کردار ادا کرتی آئی ہے اور آئندہ بھی کرے گی۔ وکلا رہنماؤں نے آئینی بحران کے حل میں عدلیہ کے کردار کی تعریف کی اور امید ظاہر کی کہ حکومت عوام کی توقعات کے مطابق معیشت کو سنبھالے گی۔



HOW TO SPEAK ENGLISH ?

Learn Beginner, Intermediate & Advanced Levels of Classes

TUTOR WITH 10 YEARS EXPERIENCE

Classes Via: zoom

Contact: Kashf Abeer 0334-6096444

عوامی للکار بچت بازار

عوامی للکار کے ہر پیر کے شمارے میں آئے گا

عوامی للکار بچت بازار کا

"اسپیشل ایڈیشن" جس میں ہر کوئی اپنا اشتہار انتہائی سستے ریٹس میں بک کروا سکے گا۔

Awami Lalkaar Bachat BAZAR

ریٹ لسٹ

Full Page:	8,000/-
Half Page:	5,000/-
Quater Page:	2,500/-
20x3:	1,500/-
10x3:	500/-
Visiting Card Size:	100/-

ابھی اپنا ڈیٹا واٹس ایپ کر کے اشتہار بک کروائیں

Whatsapp: 0309-7900035



سوچ سے عمل تک

مولف مہرین ملک

یوتھ آف نیشنز کتابی سلسلے کے مصنفین کی معاشرے کو بدلنے کی ادبی کاوش

پاکستان کے نامور ابھرتے روشن ستارے

سی ای او و فاؤنڈر مہرین ملک

محمد حسن فرید 0301-7681402

MEHAR GRAPHICS & PUBLISHERS

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

موجودہ گرمی کی لہر اور حکومتی اقدامات

ساجد حسین شاہ

حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے سوال کیا گیا اگر کسی شخص کی قیمت طے کرنا چاہیں تو اسکا معیار کیا ہو سکتا ہے؟ مولا علی نے جواب دیا "احساس ذمہ داری" جس شخص میں جتنا احساس زیادہ ہوگا وہ اتنا ہی زیادہ قیمتی ہوگا ایسے ہم اس قول کی رو سے دیکھتے ہیں کہ موجودہ حکومت نے مشکل ترین حالات میں اقتدار کی باگ ڈور سنبھالنے کے بعد اپنی قومی ذمہ داریوں کو احساس ذمہ داری کے ساتھ موجودہ درپیش مسائل کو کس طرح سنجیدگی سے حل کر رہی ہے موجودہ حکومت کو بہت سے چیلنجز کا سامنا ہے جن میں ایک چیلنجز کا تزکرہ کروں گا وہ ہے گلوبل وارمنگ اور بڑھتی ہوئی آلودگی کے باعث ہیٹ سٹروک سے پیدا شدہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کو یقینی بنا کر عوام کی زندگیوں کو تحفظ دینا ہے موسمیاتی تبدیلیوں کے نتیجے میں اس سال موسم بہار آتے ہی گرمیوں کا سلسلہ شروع ہو گیا ہے گرمی کی لہر میں اضافہ ہوا ہے طویل اور زیادہ درجہ حرارت میں اضافہ کی وجہ سے شمال میں گلیشیئر تیزی سے پگھل رہے بڑھتا ہوا ماحولیاتی انحطاط ملک کے لئے ایک خطرے کے طور پر ابھرا ہے پاکستان نے گزشتہ 20 سالوں میں 152 شدید موسمی واقعات دیکھے ہیں اور اقوام متحدہ نے پاکستان کو سب سے زیادہ خشک سالی سے متاثرہ 23 ممالک میں شامل کیا ہے اور موسمیاتی تبدیلی کی وجہ سے سب سے زیادہ متاثر ہونے والے دس ممالک میں شامل ہے یہ صرف پانی کی کمی یا درجہ حرارت میں اضافے کا معاملہ نہیں ہے بلکہ گرمی کی لہر سندھ کی زراعت کو متاثر کرے گی شدید گرمی کی لہر کے اثرات انسانی زندگیوں پر نظر آئیں گے ہیٹ ویو کی وجہ سے ملک بھر میں فصلیں بھی متاثر ہو ہیں سخت گرمی کی وجہ سے گنوں اور آم کی فصل کو بھی نقصان پہنچا ہے چولستان میں پانی کی قلت کی وجہ سے مویشی بھی ہلاک ہو رہے ہیں اس گھمبیر صورتحال سے نمٹنے کیلئے موجودہ حکومت تمام سٹیک ہولڈرز کے ساتھ ملکر مربوط اور موثر اقدامات کو یقینی بنانے میں مصروف عمل ہیں اور عملی اقدامات کو یقینی بنایا جا رہا ہے تاکہ موجودہ گرمی کی لہر سے اور گلوبل وارمنگ سے ملک میں پیدا ہونیوالی صورتحال کے پیش نظر ہنگامی اقدامات کو یقینی بنایا جائے وفاقی وزیر برائے موسمیاتی تبدیلی شیری رحمن نے موجودہ صورتحال کے پیش نظر پریس کانفرنس کرتے ہوئے بتایا ہے کہ وزیراعظم نے موجودہ ہیٹ ویو اور جی ایل او ایف کے واقعات سے نمٹنے کیلئے ڈیزاسٹر مینجمنٹ کی کوششوں کو تیز کرنے کے لئے قومی ٹاسک فورس تشکیل دی ہے جو موجودہ صورتحال پر کڑی نظر رکھے گی مربوط اور موثر حکمت عملی کے تحت اقدامات کو یقینی بنائے گی شیری رحمان اس بات پر زور دیتے ہوئے کہا ہے موجودہ ہیٹ ویو کے دوران عوامی آگاہی کی اشد ضرورت ہے، یہ ہیٹ ویو جون تک جاری رہے گی عوام احتیاطی تدابیر اختیار کریں رواں سال مون سون میں سیلاب کا خطرہ بھی ہے پاکستان میں ہر سال شہروں میں بارش کی وجہ سے سیلاب آتے ہیں اور جاری موسمیاتی تناظر میں یہ خطرہ پہلے سے بڑھ چکا ہے جس کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات مکمل کر رہے ہیں۔ ہم نے سندھ اور پنجاب میں ایک ایک ہزار سے زائد ہیٹ ویو مراکز قائم کئے ہیٹ ویو کے عوام پر سنگین اثرات مرتب ہوں محکمہ موسمیات نے جون تک ہیٹ ویو کا عندیہ دیا ہے وزارت اس سلسلے میں صوبوں کو ایڈوائزری بھی جاری کر رہی ہے آگاہی ضروری ہے محکمہ موسمیات موسم کے بارے میں جدید ترین اپ ڈیٹس اور ایڈوائزری جاری کر رہا ہے عوام کو تازہ ترین صورتحال سے باخبر رکھے گا ملک کے مختلف حصوں میں زیادہ درجہ حرارت کی حالیہ لہر کے تناظر میں وفاقی وزیر صحت عبدالقادر پٹیل کی ہدایت پر قومی ادارہ صحت نے ہیٹ سن سٹروک سے متعلق ہدایت کیلئے ایڈوائزری جاری کر دی ہے۔ یہ ایڈوائزری ہیٹ/سن سٹروک کی روک تھام کچھ الیسیبر وقت اور مناسب اقدامات کے لئے صحت کے متعلقہ اداروں کو جاری کی گئی ہے۔

ایڈوائزری کے مطابق ہیٹ اسٹروک ایک ایسی طبی حالت ہے جس کا بروقت مناسب علاج نہ کیا جائے تو یہ جان لیوا ثابت ہو سکتی ہے۔ اسکی علامات میں گرم اور خشک جلد، کمزوری یا سستی، بخار، سردرد، اور دل کی دھڑکن کا تیز ہونا شامل ہے۔ ہیٹ سٹروک کا بروقت مناسب طریقے سے علاج نہ کیا جائے تو یہ موت کا سبب بن سکتا ہے یا اعضا کو نقصان پہنچا سکتا ہے یا معذوری کا سبب بن سکتا ہے۔

شیر خوار، 65 سال سے زائد عمر کے افراد، ذیابیطس اور ہائی بلڈ پریشر کے مریض، اتھلیٹس اور آؤٹ ڈور کام کرنیوالے ورکرز کو ہیٹ اسٹروک کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

ایڈوائزری میں مندرجہ ذیل احتیاطی تدابیر پر بھی زور دیا گیا ہے۔

گرم موسم میں زیادہ پانی پئیں

زیادہ درجہ حرارت والی جگہوں پر براہ راست سورج کی روشنی میں جانے سے گریز کریں

سر کو ٹوپی سے ڈھانپیں اور ہلکے رنگ کے ڈھیلے کپڑے پہنیں براہ راست سورج کی روشنی میں کام کرنے والے افراد کو وافر مقدار میں پانی/ مشروب کا استعمال کرنا چاہیے ایڈوائزری میں تعلیمی اداروں/اسکولوں کو ہدایات دی گئی ہیں کہ طلبہ پر شدید گرمی کے اثرات کو کم کرنے کے لئے مناسب اقدامات کیے جائیں بچے اور نوجوان گرمی کا زیادہ شکار ہوتے ہیں اور اس لیے اسکولوں میں انتہائی گرم موسم سے منسلک خطرات کے لیے تیاری اور ان کا انتظام کرنے کے لیے اقدامات کرنے چاہییں طلبا کو شدید گرم موسم میں ہیٹ سٹروک سے بچانے کے لئے ٹھنڈی اندرونی جگہ کا انتظام کیا جائے بیرونی کھیل کی جگہوں کو سایہ دینے کے لیے مصنوعی شیڈنگ کینوپی، ٹینٹ، سیل، چھتری کا استعمال کریں واٹر کولرز کی تعداد میں اضافہ کریں پینے کے پانی تک رسائی میں اضافہ طلباء کو ہائیڈریٹ رکھنے کے لئے پینے کے پانی تک رسائی میں اضافہ کیا جائے بجلی کے پنکھے ورکنگ حالت میں ہوں ہائی بلڈ پریشر کے مریض، اتھلیٹس اور آؤٹ ڈور کام کرنیوالے ورکرز کو ہیٹ اسٹروک کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے میں سمجھتا ہوں حکومت کو موسمیاتی تبدیلی کے عالمی کنونشن میں پاکستان کا حصہ ہے پر عمل درآمد میں تیزی لانا ہوگی حکومت اپنی ذمہ داریوں سے باخبر ہے۔

میں سمجھتا ہوں ماحول دوست پالیسیاں اور عوام میں اس سلسلے میں آگاہی وقت کی اہم ضرورت ہے ہمیں اپنے جنگلی اور آبی حیات کا تحفظ کرنا ہوگا تعلیمی اداروں میں ماحولیاتی تحفظ کی تدریس کو لازمی قرار دینا ہوگا اپنے شہروں کو کنکریٹ جنگل بننے سے روکنا ہوگا جس کے نتیجے میں جنگلات اور جنگلی حیات کا تیزی سے خاتمہ ہو رہا ہے صاف توانائی اور کلین انرجی کو فروغ دینا ہوگا اور اس سلسلے میں عملی اقدامات کرنا ہوں گے شہروں میں کاربن کے اخراج کو ریگولیٹ کرنے کیلئے عملی اقدامات کرنے ہوں گے آخر میں عوام سے اپیل کرتا ہوں موجودہ حکومت تمام سٹیک ہولڈرز اور متعلقہ اداروں کے ساتھ ملکر اس گرمی کی لہر سے نمٹنے کیلئے بھرپور خصوصی اقدامات کو عملی جامہ پہنانے میں مصروف ہے جس طرح کرونا وائرس کی وباء سے نمٹنے کیلئے حکومت کی احتیاطی تدابیر پر عمل کیا ہے کرونا وائرس کی اس جنگ میں پاکستان نے کامیابیاں حاصل کیں ہیں اسی طرح لیے ہم سب ملکر ایک اچھے اور ذمہ دار شہری کا ثبوت دیتے ہوئے حکومت اور متعلقہ اداروں کی گائیڈ لائنز پر عمل کریں اور ہم سب کو احساس ذمہ داری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ایک قیمتی شخص بنتا ہے میری خدا پاک سے دعا ہے وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے وہ کائنات کا خالق و مالک ہے ہر چیز اس کے تابع ہے خدا ہم سب کو اپنی حفظ و امان میں رکھے۔



زکر الٰہی

مشعل ملک

اللہ تعالی قرآن مجید میں ارشاد فرماتے ہیں۔ فذکرونی اذکرکم واشکرولی ولاتکفرون تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا، اور تم میرا شکر ادا کرو اور میری ناشکری نا کرو۔ القرآن اللہ تعالی قرآن مجید میں فرماتے ہیں کہ تم مجھے یاد کرو میں تمہیں یاد کروں گا۔ اللہ تعالی فرماتے ہیں اے بندے! جب تم مجھے دل میں یاد کرتے ہو تو میں بھی تمہیں دل میں یاد کرتا ہوں اور جب تم مجھے محفل میں یاد کرتے ہو تو میں بھی تمہیں اس سے بہترین محفل میں یاد کرتا ہوں (یعنی فرشتوں کی مجلس میں یاد کرتا ہوں) اگر تم چل کر میری طرف آتے ہو تو میری رحمتیں دوڑ کر تمہارا استقبال کرتی ہیں۔ تم مجھے جس طرح یاد کرتے ہو میں تمہیں اس سے بہتر طریقے سے یاد کرتا ہوں۔ ذکر الٰہی بےچین دلوں پر ایسے اثر کرتا ہے جیسے بارش کے بعد بیجان اور بنجر زمین سے کسی ننھی کونپل کا نکل آنا۔ جسکو اللہ کی رحمت کا سایہ ڈھانپ لے اسے کائنات کی کوئی چیز بےسکون نہیں کر سکتی اللہ تعالی فرماتے ہیں جو مجھے یاد کرتے ہیں وہ میرے ہو جاتے ہیں۔ اور جب وہ مجھے پکارتے ہیں میں انکی ہر پکار انکی ہر آہ سن لیتا ہوں اور جب وہ مجھے محسوس کرتے ہیں تو وہ مجھے اپنی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب پاتے ہیں۔ اور بیشک میں انسان کی شہ رگ سے بھی زیادہ قریب ہوں۔

دنیا گرمی کی لپیٹ میں!!

انور ظہیر رہبر، برلن جرمنی



اپریل اور مئی کی بے مثال گرمی سے شمالی ہندوستان اور پاکستان میں کروڑوں لوگ متاثر ہو رہے ہیں۔ کئی مقامات پر درجہ حرارت صبح معتوں میں موسم گرما کے آنے سے پہلے ہی 45 ڈگری سے زیادہ تک پہنچ گیا ہے۔ ہندوستان کے شمال مغربی اور وسطی علاقوں میں 122 سال قبل موسمی ریکارڈ شروع ہونے کے بعد سے اس سال کا اپریل سب سے زیادہ گرم تھا۔ اس کے خراب اثرات وہاں کے لوگوں کے لیے تو ہے ہی لیکن ساتھ ہی ساتھ گندم اور اناج کی کٹائی کے لیے بھی ہے۔ وہاں اب تک شدید گرمی کے باعث 120 سے زیادہ لوگ ہلاک ہو چکے ہیں، جن میں سے زیادہ تر بے گھر لوگ اور بھکاری ہیں جو ایئر کنڈیشنڈ کمرے استعمال نہیں کر سکتے اور دھوپ میں بہت جلد پانی کی کمی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ ہمسایہ ملک پاکستان میں بھی ایک غیر مصدقہ اطلاعات کے مطابق تقریبا 50 افراد ہلاک ہو چکے ہیں۔ وہاں اب تک سب سے زیادہ درجہ حرارت صوبہ بلوچستان میں اتوار (کیم مئی) کو ناپا گیا، جہاں تھرمامیٹر 52 ڈگری تک جا پہنچا تھا۔ یہ 1992 کے ریکارڈ 52.2 ڈگری سے صرف اعشاریہ 2 ہی کم تھا۔

"جب تک گلوبل وارمنگ جاری رہے گی، یہ واضح ہے کہ گرمی کی شدت میں بھی اضافہ ہوتا رہے گا۔ جرمنی کے شہر پوٹسڈم میں واقع کلائمیٹ امپیکٹ ارتھ سسٹم کے تجزیہ کے شعبے کے سربراہ نے کہی ہے کہ گرمی کی لہر کا خاتمہ فی الحال نظر نہیں آ رہا ہے۔ ہندوستان میں درجہ حرارت اس حد تک پہنچ گیا ہے کہ وہاں لمبے عرصے تک باہر رہنا واقعی خطرناک ہے"۔

برصغیر پاک و ہند میں جون میں مون سون کا موسم شروع ہونے سے پہلے اکثر گرمی بڑھ جاتی ہے۔ ایسا مگر بنیادی طور پر مئی اور جون میں ہی ہوتا ہے۔ اپریل میں بھی 35 ڈگری سے زیادہ درجہ حرارت یقینی طور پر ممکن ہے۔ تاہم اس وقت کی صورتحال پہلے سے زیادہ شدید ہے اور اس طرف غور کرنا بہت ضروری ہے کیونکہ دنیا اس وقت ایک نئی جہت کا سامنا کر رہی ہے۔ گرمی کی ایک وحشیانہ لہر کے ساتھ جو اپریل کے وسط میں شروع ہوئی تھی اب بھی جاری ہے۔

جب آپ جرمنی یا وسطی یورپ کے موسم گرما سے ان ملکوں کا موازنہ کرتے ہیں تو وہ ناقابل تصور جہتیں ہیں۔ وسطی اور شمالی ہندوستان یا پاکستان میں لوگ ہفتوں ہفتوں تک 40 سے 47 ڈگری درجہ حرارت کا شکار رہ رہے ہیں، اس کے برعکس جرمنی میں 40 ڈگری بہت ہی تھوڑے وقت کے لیے اور وہ بھی صرف محدود علاقے تک ہی ہوتا ہے۔

نئی دہلی کی ایک رہائشی خاتون سریشٹی نے خبر رساں ادارے رائٹرز کو بتایا کہ "اب ہم گرمی کو مزید برداشت نہیں کر سکتے ہیں، ہم صرف ایئر کنڈیشنڈ کمروں میں ہی رہ سکتے ہیں کیونکہ اس قدر گرمی میں تو دروازے تک بھی جانا محال ہو چکا ہے۔"

موسم کے نقشوں پر ایک نظر ڈالنے سے مصائب کی حد کا اندازہ بہت اچھی طرح لگایا جا سکتا ہے۔ ایک طرف دن میں تیز گرمی، دوسری طرف رات کے وقت تقریبا ناقابل برداشت درجہ حرارت، کیونکہ غروب آفتاب کے بعد بھی درجہ حرارت 25 ڈگری یا اس سے بھی زیادہ ہوتا ہے اور گرمی میں کمی بہت ہی آہستہ آہستہ ہوتی ہے یعنی درجہ حرارت بہت ہی آہستہ آہستہ نیچے کی جانب سرکتا ہے۔ ابھی بدقسمتی سے اگلے چند دن اور راتیں انتہائی گرم رہیں گے۔ ماہر موسمیات موسمی پیشن گوئی کرتے ہوئے بتاتے ہیں کہ وسطی، شمالی ہندوستان اور پاکستان کے کچھ حصوں میں ابھی سخت گرمی برقرار رہے گی یہاں تک کہ درجہ حرارت 50 ڈگری کی چوٹیوں سے بھی اوپر جا سکتا ہے۔

گرمی کا ایک دوسرا رخ یہ بھی ہے۔ آسمان پر سورج چمک رہا ہے، صرف ہلکی ہوا چل رہی ہے اور یہی دراصل گرمی کی لہر ہے۔ ایسے میں یورپ بھر کے بیئر گارڈن بھرے ہوتے ہیں، آؤٹ ڈور سوئمنگ پول کھول دیا جاتا ہے، آئس کریم کی دکانیں مکمل بھری ہوتی ہیں۔ اسٹرابیری کی آئس کریم جس طرح پگھلتی ہے بالکل اسی رفتار سے گرمی کا دن بھی گزر رہا ہوتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کی اب یورپ میں موسم گرما کی آمد کا انتظار کرنا اور اس کے جلد چلے جانے کا غم بہت کم ہو گیا ہے۔

شہر برسٹل کا ایک مطالعی جائزہ، جو 4 مئی 2022 کو سائنس ایڈوانسز جریدے میں شائع ہوا ہے، دنیا بھر میں گرمی کی ان آٹھ شدید لہروں کی تفصیلات بتا رہا ہے جو 1960 سے اب تک رونما ہوئے ہیں۔ یہ وہ واقعات ہیں جو کسی خطے میں معمول کے اوسط درجہ حرارت میں نمایاں تبدیلی پیش کر رہے ہیں۔ انہیں اس جائزہ میں تاریخ کے لحاظ سے ترتیب دیا گیا ہے

شمال مغربی کینیڈا کے شہر یوکون میں جون 1969 میں درجہ حرارت 27.3 ڈگری تھا۔

جولائی 1980 میں جنوبی امریکہ میں درجہ حرارت 38.4 ڈگری تک بڑھا۔

نومبر 1985 میں جنوبی برازیل میں 36.5 ڈگری درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

جنوب مشرقی ایشیا میں اپریل 1998 میں 32.8 ڈگری درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

پیرو کے جنوب مغرب میں جنوری 2016 میں 23.0 ڈگری ایک بہت بڑی تبدیلی کے ساتھ ریکارڈ کیا گیا۔

جنوبی الاسکا میں جولائی 2019 میں 23.8 ڈگری درجہ حرارت جا پہنچا۔

اکتوبر 2020 میں جنوبی برازیل میں 36.7 ڈگری درجہ حرارت بہت زیادہ تھا۔

کینیڈا کے شہر البرٹا میں، جون 2021 میں 36.0 ڈگری بہت زیادہ درجہ حرارت ریکارڈ کیا گیا۔

گرمی کی لہر سے کیا مراد ہے اس کی کوئی عام طور پر قابل اطلاق تعریف نہیں ہے۔ عام طور پر 30 ڈگری سے گرم درجہ حرارت کو گرمی کی لہر بتایا جاتا ہے۔ عموما گرمی کی لہر اس وقت کو کہا جاتا ہے جب درجہ حرارت کئی دنوں تک غیر معمولی طور پر بلند رہے۔ ورلڈ میٹرولوجیکل آرگنائزیشن گرمی کی لہر کی وضاحت یوں کرتا ہے کہ روزانہ کا درجہ حرارت کم از کم مسلسل پانچ دن تک روزانہ کی اوسط سے پانچ ڈگری سے زیادہ ہو۔

اس بات کا حساب لگانے کے لیے برسٹل کے محققین نے دنیا کو 0.5 ملین مربع میٹر کے علاقوں میں تقسیم کیا۔ ہر علاقے کے لیے، انہوں نے انتہائی موسمی واقعات کا اوسط ڈیٹا سے موازنہ کیا اور اس ڈیٹا کا انہوں نے عمومی گلوبل وارمنگ کی مناسبت سے حساب کیا۔

بڑھتی ہوئی گرمی اپنے ساتھ خشک سالی بھی لاتی ہے۔ زیر زمین پانی کی سطح نیچے کی جانب گامزن ہو جاتی ہے۔ فطری موسم اور زراعت بیانتہا متاثر ہوتے ہیں۔ مزید براں گرمی سے ہونے والی اموات میں بھی بہت اضافہ ہو جاتا ہے۔ جنگلات میں آگ لگنے کا خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے۔ اس کے ساتھ ہی شدید بارش اور سیلاب بھی تباہی مچانے لگتے ہیں۔ موسمیات کے ماہرین انتہائی موسم کا مطلب غیر معمولی موسمی واقعات مثال کے طور پر طوفانی بارش، خشک سالی، شدید برف باری یا سمندری طوفان گردانتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 1

شرکت سمیت امن و امان کے حوالے سے وزیر اعلیٰ سندھ سے ملاقات بھی کریں گے۔ دورہ کراچی میں وزیر اعظم کی وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ سے ملاقات ہوگی۔ دونوں رہنماؤں کے درمیان ملاقات میں کراچی کی امن و امان کی صورتحال کا بھی جائزہ لیا جائے گا۔ وزیر اعظم کے دورے کے موقع پر کراچی میں امن و امان کی صورتحال پر بھی خصوصی اجلاس بلائے جانے کا امکان ہے۔

بقیہ بقیہ جات 2

(کراس ایجنسی ورکنگ گروپ آف چائنہ) کی سربراہی میں وفد کا خیر مقدم کیا۔ اجلاس میں وزارت تعلیم کے سینئر حکام نے شرکت کی۔ وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین نے کہا کہ چین اور پاکستان کے تعلقات سمندر سے بھی گہرے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین آہنی بھائی ہیں۔ وزیر نے جامعہ کراچی کے کنفیوشس انسٹی ٹیوٹ کے قریب ہونے والے حالیہ دہشت گرد حملے پر تعزیت پیش کی جس میں تین چینی شہریوں کی موت واقع ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ ثقافتی اور تعلیمی تبادلہ چین اور پاکستان کے درمیان تعلقات کو مضبوط بنانے میں اہم ہے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ثقافتی اور تعلیمی تبادلے کو ایسے بزدلانہ حملوں سے متاثر نہیں ہونا چاہیے کیونکہ اس سے دونوں ممالک کی باہمی تجارت اور معیشت میں اضافہ ہوتا ہے۔ مسٹر چینگ گوپنگ نے کہا کہ چین دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو بہت زیادہ اہمیت دیتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات آہنی بھائیوں کے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں 300 چینی طلباء ہیں اور چین طلبا ٹو طلبا ایکسچینج کو بڑھانا ضروری سمجھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چینی شہریوں کی حفاظت انتہائی اہمیت کی حامل ہے اور چینی شہریوں کی حفاظت کو یقینی بنانے کے لیے پاکستان کے حکام کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہتے ہیں۔ وزیر نے چینی وفد کو یونیورسٹی کیمپس میں چینی طلباء کو اعلیٰ ترین سیکورٹی فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ انہوں نے کہا کہ چینی طلباء اور اساتذہ کو زیادہ سے زیادہ سیکورٹی فراہم کرنے کو یقینی بنانے کے لیے پاکستان میں تمام متعلقہ اداروں کو آن بورڈ لیا جائے گا۔ وزیر نے کہا کہ 6000 پاکستانی طلباء ہیں جو اپنی تعلیم دوبارہ شروع کرنے کیلئے چین واپس جانا چاہتے ہیں۔ انہوں نے چینی مندوب کو بتایا کہ 250 طلباء جلد چین واپس جا رہے ہیں اور امید ظاہر کی کہ باقی بھی جلد چین واپس جاسکیں گے۔ چینگ گوپنگ نے وزیر کو یقین دلایا کہ چین میں کووڈ 19 کی وجہ سے جو پابندیاں ہیں وہ نہایت کم ہو چکی ہیں۔ انہوں نے یہ امید بھی ظاہر کی کہ پاکستانی طلباء جلد ہی اپنی تعلیم جاری رکھنے کیلئے چین جاسکیں گے۔ دونوں مندوبین نے چینی طلباء اور اساتذہ کی سیکورٹی کو بڑھانے پر اتفاق کیا تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جاسکے تاکہ طلبا ٹو طلبا ایکسچینج متاثر نہ ہوں تاکہ دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تجارت میں مسلسل اضافہ ہوسکے۔

بقیہ بقیہ جات 3

وزیرستان میں کارروائی کے دوران ایک دہشت گرد مارا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) سے جاری بیان کے مطابق جنوبی وزیرستان کے علاقے کنیگرم میں پاک فوج کا قافلہ پر دھماکا خیز مواد (آئی ای ڈی) کے دھماکے کی زد میں آیا۔ بیان میں کہا گیا کہ دھماکا خیز مواد پھٹنے کے نتیجے میں پنجاب کے ضلع جہلم سے تعلق رکھنے والے 39 سالہ حوالدار محمد ساقور نے شہادت پائی۔ اس ضمن میں بتایا گیا کہ علاقے میں کارروائی کی جا رہی ہے تاکہ علاقے میں کوئی دہشت گرد موجود ہے تو اس کا قلع قمع کیا جائے۔ آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری ایک بیان میں کہا گیا ہے کہ 17 مئی 2022 کو ضلع شمالی وزیرستان کے علاقے میر علی میں سیکیورٹی فورسز نے خفیہ اطلاع کی بنیاد پر کارروائی کی۔ بیان میں کہا گیا کہ شدید فائرنگ کے تبادلے کے دوران ایک دہشت گرد مارا گیا، جس کی شناخت دہشت گرد محمد الطاف کے نام سے ہوئی۔ آئی ایس پی آر نے کہا کہ مارے گئے دہشت گرد کے قبضے سے اسلحہ اور بارود برآمد کیا گیا۔ بیان میں بتایا گیا کہ کارروائی کے دوران مارا گیا دہشت گرد سیکیورٹی فورسز کے خلاف دہشت گردی کی کارروائیوں میں سرگرم تھا۔

بقیہ بقیہ جات 4

کو تسلیم کرنے کا فیصلہ عالمی برادری کے ساتھ مل کر کریں گے، کورونا وباء میں دنیا کو متحد ہونا چاہیے تھا، اس وبا کے مکمل خاتمے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے۔ امریکی ٹی وی کو انٹرویو میں بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان میں اس وقت اتحادیوں کی حکومت ہے، ملک کو اس وقت جمہوریت اور معیشت کے بحران سمیت دہشتگردی اور انتہا پسندی کے خطرات کا سامنا ہے۔ مختلف منشور اور نکتہ نظر رکھنے والی سیاسی جماعتوں کا مل کر حکومت بنانے کا مقصد ان خطرات سے موثر طریقے سے نمٹنا ہے، اتحادی حکومت میں شامل جماعتیں انتخابی اور جمہوری اصلاحات کے لئے مل کر کام کریں گی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ انتہا پسندی اور دہشتگردی کے خلاف اقدامات اور اسلام کا پرامن پیغام پھیلانے کیلئے کام کرتے رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو دہشتگردی کے بڑھتے ہوئے واقعات پر تشویش ہے اور ہم افغان حکومت کی جانب دیکھ رہے ہیں کہ وہ اس سلسلے میں اپنا کردار ادا کرے۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ ہم اپنی جانب سے صورتحال کا نہ صرف بغور جائزہ لے رہے ہیں بلکہ دہشتگردی پر قابو پانے کیلئے اقدامات بھی کر رہے ہیں، توقع ہے افغان حکومت عالمی معاہدوں کی پاسداری کرتے ہوئے اپنی سرزمین دہشتگردی کیلئے استعمال نہیں ہونے دے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے افغان مسئلے کے حل کے لئے ہمیشہ مذاکرات اور سفارتکاری کی حمایت کی ہے اور اس موقف پر تنقید کا سامنا بھی کیا تاہم بالآخر عالمی برادری کو بھی یہی راستہ اپنانا پڑا۔ انہوں نے کہا کہ یہ پاکستان یا کوئی دوسرا ملک نہیں بلکہ امریکا تھا جس نے طالبان سے کابل میں ان کی حکومت قائم ہونے سے قبل براہ راست رابطہ اور مذاکرات کئے اور دونوں کے درمیان معاہدہ بھی براہ راست ہوا، اس لئے اگر کس نے کس کو تسلیم کیا کی بات کی جائے گی تو اس سے معاملہ پیچیدہ ہوجائے گا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ طالبان حکومت کو تسلیم کرنے کا فیصلہ عالمی برادری کے ساتھ مل کر کریں گے۔ اس کے ساتھ ہی ہمارا موقف ہے کہ افغان حکومت کے ساتھ رابطے رکھے جائیں خصوصاً افغان عوام کی فلاح اور بہبود کیلئے۔ افغانستان کے پچاس فیصد عوام کا غربت کا شکار ہونا عالمی برادری سمیت کسی کے لئے بھی اچھا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر عالمی برادری اور پاکستان نے افغان عوام کی مشکل میں مدد نہ کی تو ان کو اچھا پیغام نہیں جائیگا، توقع ہے افغان حکومت لڑکیوں کی تعلیم سمیت عالمی برادری سے کئے گئے وعدوں کو پورا کریگی۔ وزیر خارجہ نے کہا کہ افغانستان کے بارے میں اب ماضی کے بجائے مستقبل کو دیکھنا چاہیے پاکستان افغانستان کا پڑوسی ہے اس حقیقت کو بدلا نہیں جاسکتا اور افغانستان کی صورتحال کا براہ راست اثر پاکستان کے عوام پر پڑتا ہے، پاکستان اور عالمی برادری اس بات پر یقین رکھتے ہیں کہ افغان عوام کو دوبارہ ان کے حال پر چھوڑنا کسی کے بھی مفاد میں نہیں ہوگا۔ دوسری جانب وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے نیویارک میں گلوبل فوڈ سیکیورٹی کال ٹو ایکشن کانفرنس میں خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو کورونا اور موسمیاتی تبدیلیوں کے چیلنجز درپیش ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان موسمیاتی تبدیلیوں سے شدید متاثرہ ممالک کی فہرست میں شامل ہے جبکہ دنیا بھر کو بھی ماحولیاتی تبدیلیوں اور خوراک کی قلت جیسے مسائل کا سامنا ہے اس لیے تحفظ خوراک کے لیے مل کر کوششیں کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان خطے اور دنیا بھر میں خوراک کے مسئلے پر کردار ادا کرنا چاہتا ہے۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ تنازعات دنیا کو اس وقت تقسیم کر رہے ہیں جب متحد ہونے کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے، نئی نسل دنیا کو متحد کرنے کے لیے قیادت کی طرف دیکھ رہی ہے، کورونا وباء میں دنیا کو متحد ہونا چاہیے تھا، اس وبا کے مکمل خاتمے کے لیے مشترکہ کوششوں کی ضرورت ہے جبکہ ضروری ہے کہ کورونا ویکسین کا حصول سب کا حق سمجھا جائے۔ وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان انسانی ہمدردی کی بنیاد پر افغانستان کی مدد کر رہا ہے، ہم نے محدود وسائل کے باوجود افغانستان اور یوکرین میں انسانی امداد فراہم کی۔ اس سے قبل وزیر خارجہ بلاول بھٹو نے اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل انتونیو گوتریس اور یو این جنرل اسمبلی کے صدر عبداللہ شاہد سے ملاقاتیں کیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بلاول بھٹو زرداری نے اقوام متحدہ کے ہیڈ کوارٹر میں ہونے والی ملاقاتوں کے دوران مقبوضہ کشمیر میں انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا معاملہ اٹھایا جبکہ تنازع کشمیر سلامتی کونسل کی قراردادوں اور کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل کرنے پر زور دیا۔

بقیہ بقیہ جات 5

ایک کروڑ نوکریاں دینے کا دعویٰ کرنے والوں نے 60 لاکھ لوگوں کو بیروزگار کیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت میں عمران خان کہتے تھے مجھے ٹیم اچھی نہیں ملی، اب کہتے ہیں مجھے نکال کر میری ٹیم کے کام پر پانی پھیر دیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آپ نے کام کیا ہوتا تو حکومت میں رہتے ہوئے اپنے حلقوں میں جانے سے نا ڈرتے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ آپ کی اور آپ کی ٹیم کی بدترین کارکردگی کا حساب عوام آپ سے انتخابات میں لیں گے۔ سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا کہ جلسے کرکے اور بیانیہ بنا کر عمران خان اپنی پیدا کئے بحرانوں کو چھپا نہیں سکتے۔

بقیہ بقیہ جات 6

پیار کرنے والوں کا شہر ہے، نواز شریف لندن میں بیٹھ کر جلسے کو دیکھ رہے ہیں، کہا جاتا تھا میرے والد کی سیاست ختم ہوگئی، آج ہر جگہ قائد ن لیگ کے نعرے لگ رہے ہیں، نواز شریف نے پاکستان سے لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا اور ملکی معیشت کو درست سمت میں گامزن کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ایک کھلنڈرے اور نااہل کو پاکستان کے عوام پر مسلط کیا گیا، نااہل کے آنے کے بعد لوڈشیڈنگ دوبارہ شروع ہوگئی، معیشت تباہ ہوگئی، 4 سال میں ملک کو تباہ کرنے والا شہباز شریف سے 4 ہفتوں کا حساب مانگ رہا ہے، عمران خان ایک منٹ بھی اپنی کارکردگی پر بات نہیں کرسکتا، لیگی قائد کو لوگ کہہ رہے ہیں کہ واپس آجاؤ آپ کی ضرورت ہے۔ اپنی بات کو جاری رکھتے ہوئے لیگی نائب صدر نے کہا کہ پہلے اس جھوٹے شخص نے 35 پنکچر کا ڈرامہ کیا لیکن ثبوت نہیں دیا، جب سے شہباز شریف کی حکومت آئی یہ نااہل 40 تقریریں کرچکے ہیں، ایک تقریر میں بھی یہ اپنی کارکردگی پر نہیں بولا، یہ ایک منٹ بھی اپنی کارکردگی پر بولنے کے قابل نہیں، یہ ازل کا جھوٹا شخص ہیں۔ اب خطی خط لے آیا اس کا بھی کوئی ثبوت نہیں دیا۔ غیر ملکی سازش کا بھی جھوٹا ڈرامہ کیا، اب ایک اور ڈرامہ کیا کہ میرے قتل کی سازش ہورہی ہے، آج اگر ڈالر آسمان پر اور معیشت وینٹی لیٹر پر ہے تو اس کے ذمہ دار پی ٹی آئی چیئرمین ہیں، اگر حکومت کو پٹرول کی قیمت بڑھانی پڑے تو اسکے ذمہ دار عمران خان ہیں، شریف برادران کیلئے کسی چیز کی قیمت ایک روپے بڑھانا بہت مشکل کام ہے، ان کو عوام کا احساس ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ وزیر اعظم شہباز شریف آپ کی طرح نہیں وہ آلو اور پیاز کی قیمت ٹھیک کرنے آئے ہیں، نواز شریف کہتا ہے حکومت چھوڑ دو لیکن عوام پر بوجھ نہیں ڈالوں گا، عمران خان کی تباہی کا ٹوکرا اپنے سر نہیں لے سکتے، موجودہ حکومت کو خیر باد کہنا بہتر ہے، خیر باد کہہ کر میدان میں آکر مقابلہ کرلو۔ عوام کو مخاطب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ نواز شریف اگر عوام کی خاطر حکومت چھوڑتا ہے تو پھر کیا دو تہائی اکثریت دو گے؟ عمران خان اگلے الیکشن میں دھاندلی کی تیاری کرچکا تھا، ہم نے ان کی حکومت گرا کر اس کے 12 سالہ پلان کو فیل کر دیا، عمران تم چاہے الٹے لٹک جاؤ تمہارا کھیل ختم، تم نے سر جھکا کر آئی ایم ایف کی شرائط کو مانا۔ ان کا کہنا تھا کہ جس بندے نے ہمیشہ ذکوٰۃ سے گزارا کیا اسے خود مختاری، آزادی کے بھاشن نہیں دینے چاہئیں، یہ ناپاک زبان سے ریاست مدینہ کی بات کرتا ہے، حمزہ پر مرغی کے ریٹ بڑھانے کا الزام لگاتا ہے، مرغی کے ریٹ تب بڑھے تھے جب بنی گالہ میں منوں مرغیاں جلائی جاتی تھیں، کہتا ہے مریم نے امریکی سفارتکار کا استقبال کیا، عمران خان تم نے مریم نہیں تم نے پنجاب اور پاکستان کی ہر بیٹی کو گالی دی ہے، ہم مہمانوں کی قدر کرنا جانتے ہیں، تمہیں منہ توڑ جواب دے سکتی ہوں، عمران اس وقت سے ڈرو جب ماؤں، بہنوں کے ہاتھ تمہارے گریبان تک پہنچیں گے، عمران خان ایک فتنے کا نام ہیں۔ لیگی نائب صدر کا کہنا تھا کہ محسن، جس نے اس سانپ کو دودھ پلایا اس نے اسے ہی ڈس لیا، یہ اتنا بڑا فتنہ ہے، کہتا ہے اسٹیبلشمنٹ ساتھ نہ دے تو جانور ہیں، کہتا ہے میڈیا میرے جھوٹوں کو سپورٹ کرے تو ٹھیک نہ کرے تو غیرملکی ایجنٹ، کہتا ہے جب تک کرسی پر بیٹھا رہوں تو زندہ باد، اگر نہ رہوں تو ایٹم بم گرادو، عمران خان نے آئین توڑا، رات کو عدالتیں کھلی، اس دن سے لیکر تم کو گالیاں دیتا ہے۔ آج دو پہر تک سپریم کورٹ کو گالی اچانک انہوں نے سوموٹو لیا تو شادیانے بجا رہا ہے۔ مریم نواز نے کہا کہ اگر سپریم کورٹ نے شہباز شریف کے خلاف سوموٹو لیا تو بڑی مہربانی، ایک سوموٹو بشیر میمن کے الزامات پر بھی لیا جائے، شہزاد اکبر نیب، ایف آئی اے کو استعمال کررہا تھا، ایک سوموٹو اس کے خلاف بھی ہونا چاہیے، فارن فنڈنگ کیس میں بھی ایک سوموٹو ہونا چاہیے، سپریم کورٹ سے عرض کرنا چاہتی ہوں پاگل شخص کی خاطر عدلیہ کے ترازو کو جھکنے مت دیں، کہتا ہے سازشیوں کے چہرے پہچان لیے، وہ یہ بات نواز شریف۔ مجھے نہیں اداروں کو کہتا ہے، اپنے جلسوں میں افواج پاکستان کیخلاف باتیں کرتا ہے، صدر علوی کا بیٹا عواد علوی کھلے عام فوج کیخلاف باتیں کررہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 7

دی سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹر اسحاق ڈار نے کہا کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا مسئلہ بنا ہوا ہے، عمران خان کہہ گئے 30 جون تک عوام پر بوجھ نہیں ڈالا جائے گا، میں نے ایک حل دیا ہے، عوام تو مہنگائی کی چکی میں پس چکے، قیمتیں نہیں بڑھائیں گے، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کا بوجھ وفاق اور صوبے اٹھائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ سابقہ حکومت بدترین مالی خسارہ چھوڑ کر گئی ہے، یہ آنے والا بجٹ خسارہ ہوگا، ڈالر کی قیمت بڑھنے سے ہمارے قرضے بھی بڑھ جاتے ہیں، لگژری آئٹمز پر پابندی لگانا ایک اچھا فیصلہ ہے، 200 روپے کا نہیں ہونا چاہیے تھا، حکومت کو پریشر میں رکھنے کے بجائے آرام سے کام کرنے دیا جائے، جب پریشر میں ہوں گے تو رکاوٹیں آئیں گی۔ سابق وفاقی وزیر خزانہ نے کہا کہ پہلے بھی کہتا رہا روپے کی قدر کو نہیں گرنا چاہیے، انہوں نے روپے کو فری فال چھوڑا، روپے کو فری فال چھوڑنے پر چار ہزار ارب قرضوں کا بوجھ بڑھا، چار سال کی معاشی تباہی ایک ماہ میں تو ٹھیک نہیں ہوسکتی۔ ن لیگی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ ایٹمی دھماکوں کے بعد پابندیوں کے باوجود ہم نے معاشی حالات کو بہتر کیا تھا، حالات کو بہتر کرنے کے لیے وقت چاہیے ہوتا ہے، یہ صرف (ن) لیگ نہیں 11 پارٹیوں کی اتحادی حکومت ہے، حکومت کو مدت پوری کرنی چاہیے، میڈیکل ایشوز ہے جب علاج مکمل ہوگا تب واپس آؤں گا، پہلے میرا پاسپورٹ کینسل کیا گیا چند دن پہلے پاسپورٹ ملا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 8

بلاول بھٹو زرداری سے ایوان بالا کے اراکین نے اقوام متحدہ میں ملاقات کی جس میں ایوان بالا کے اراکین نے انٹرنیشنل مائیگریشن ریویو فورم کی پیش رفت سے آگاہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 9

بلاول بھٹو زرداری نے اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے صدر عبداللہ شاہد سے ملاقات کی جس میں دونوں رہنماؤں کے درمیان عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 10

اور متعلقہ سہولیات فراہم کرتا ہے۔ وفاقی وزیر برائے تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت رانا تنویر حسین نے 19 مئی 2022 کو ورلڈ بینک اور ایف سی ڈی او کے وفد کا خیر مقدم کیا۔ اجلاس میں وزارت کے سینئر حکام نے بھی شرکت کی۔ رانا تنویر نے کہا کہ ہم جن اہم مسائل کا سامنا کر رہے ہیں ان میں اسکول سے باہر بچے اور کووڈ 19 کی وجہ سے بنیادی تعلیم کی فراہمی شامل ہے۔ وزیر نے کہا کہ اس بحران پر قومی ردعمل کی اشد ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج پاکستان کو درپیش سب سے بڑے چیلنجز میں سے یہ ایک ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کا مقصد پاکستان کے تمام بچوں کو سکولوں تک رسائی اور متعلقہ سہولیات فراہم کرنا ہے۔ وزیر کو عالمی بینک کی نمائندہ ملیحہ حیدر نے عالمی بینک کے اقدامات کے بارے میں بریفنگ دی جن کا مقصد طلباء کی بنیادی تعلیم کو بڑھانا ہے جو کووڈ کے مرض سے بری طرح متاثر ہوئے ہیں۔ وزیر کو ورلڈ بینک کے ایکسلریٹر پروگرام کے بارے میں بریفنگ دی گئی۔ رانا تنویر کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ پاکستان کا شمار ان دس ممالک میں ہوتا ہے جہاں ورلڈ بینک نے ایکسلریٹر پروگرام شروع کیا ہے۔ وزیر کو بتایا گیا کہ اس پروگرام کے پارٹنرز میں ایف سی ڈی او، یونیسکو، یونیسیف، یو ایس ایڈ، اور ڈبلیو ایچ او شامل ہیں جنہوں نے جامع منصوبہ بندی اور وسائل کے انتظام کو فعال کیا ہے۔ وزیر کو بتایا گیا کہ روانڈا اس پروگرام کی ایک کامیاب مثال ہے۔ رانا تنویر نے کہا کہ ہمیں کامیاب مثالوں سے سبق سیکھنا چاہیے تاکہ ہم پاکستان میں بھی بہترین طریقوں کی نقل کرسکیں۔ رانا تنویر نے عالمی بینک کی جانب سے پاکستان میں تعلیمی معیار کو بہتر بنانے کے لیے کیے جانے والے کام کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کو استعمال کرتے ہوئے آئی سی ٹی کو باقی پاکستان کے لیے ایک ماڈل بنایا جانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں بحیثیت قوم تعلیم کے حوالے سے اپنا نقطہ نظر تبدیل کرنے کے لیے مثبت ثقافتی تبدیلیاں لانے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے وفد کو یقین دلایا کہ وزارت اس کی کامیابی کی لیے ٹھوس اقدامات کرے گی۔

بقیہ بقیہ جات 11

کرچکے ہیں۔ میاں جلیل احمد شرقپوری، اشرف انصاری اور دیگر سے رابطے کئے گئے ہیں اور کچھ نے واپسی پر آمادگی ظاہر کردی ہے۔ ذرائع کے مطابق (ن) لیگ کا دعویٰ کیا ہے کہ 26 پی ٹی آئی اراکین نااہل ہوئے تو بھی اکثریت حاصل کرلیں گے۔ منحرف رکن اسمبلی میاں جلیل احمد شرقپوری نے نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ (ن) لیگ سے کوئی رابطہ نہیں ہوا، ہم مسلم لیگ (ن) کے ساتھ ہیں، بس پالیسیوں سے اختلاف ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے گروپ کے ہم خیال لوگوں نے فیصلہ کیا ہے کہ کسی کو ووٹ نہیں دیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 12

نے کہا ہے کہ عمران خان خواتین اور بچوں میں چھپنے کی کوشش نہ کریں۔ اپنے بیان میں سینیٹر روبینہ خالد نے کہا کہ بزدل لوگ خواتین اور بچوں کو ڈھال بناتے ہیں، عمران خان اپنے بچوں کو پاکستان کیوں نہیں بلاتے۔

بقیہ بقیہ جات 13

پانی کا بحران بھی شدت اختیار کرگیا جس کے خلاف عوام نے شدید احتجاج کیا۔ پاور ڈویژن کے ذرائع کے مطابق ملک میں بجلی کی مجموعی پیداوار 21 ہزار 447 میگاواٹ جبکہ بجلی کی کل طلب 26 ہزار 500 میگاواٹ سے زائد ہوگئی ہے۔ شارٹ فال میں 5 ہزار سے زائد میگاواٹ کے فرق کے باعث لوڈشیڈنگ کا دورانیہ بھی بڑھا دیا گیا ہے۔ مختلف شہری علاقوں میں ہر گھنٹے بعد ایک گھنٹے کیلئے بجلی بند کی جارہی ہے جبکہ دیہی علاقوں میں دورانیہ 14 سے 16 گھنٹے سے زائد ہوگیا ہے۔ ذرائع کے مطابق لیسکو میں بجلی کی طلب 5100 میگاواٹ سے تجاوز کرگئی ہے جبکہ لیسکو کو 3750 میگاواٹ بجلی فراہم کی جارہی ہے۔ بدترین غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ نے شہریوں کو پریشان کر رکھا ہے اور معمولات زندگی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ میٹرک کے سالانہ امتحانات دینے والے بچے بھی بجلی کی بار بار بندش کی وجہ سے تیاری نہیں کر پا رہے۔ دوسری جانب بجلی کی بار بار بندش کی وجہ سے پانی کا بحران بھی شدت اختیار کرگیا ہے، کئی علاقوں میں لوگ پانی کی بوند بوند کو ترس گئے ہیں اور وہ دوسرے علاقوں سے پانی بھر کر لانے پر مجبور ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 14

نے سماجی رابطے کی سائٹ ٹوئٹر پر ٹوئٹ کیا کہ مالی طور پر آسودہ حال لوگوں کو اس قومی مہم میں ایک مثال بننا ہوگا تاکہ مالی مسائل کا شکار ہم وطنوں کو مہنگائی کی اس آگ سے بچایا جاسکے جو پی ٹی آئی حکومت جلا کر گئی ہے۔ خیال رہے کہ حکومت نے معیشت کی بہتری کے لیے لگژری آئٹمز کی درآمد پر تین ماہ کے لیے مکمل پابندی عائد کی ہے اور ان اشیا میں گاڑیاں، موبائل فونز، سگریٹ، جوس، فروزن فوڈز، کراکری، ڈیکوریشن، میک اپ، ڈرائی فروٹس، فرنیچر، گوشت، شیمپو، اسلحہ، جوتے اور دیگر پرتعیش سامان شامل ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 15

کی جس میں چیئرمین ہوپ اور چاروں صوبائی صدور نے شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری انچارج برائے وزارت مذہبی امور اور دیگر افسران بھی موجود تھے۔ حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان نے حج کے حوالے سے پیکج کے لئے اپنی سفارشات وزیر موصوف کو پیش کیں۔ اس موقع پر وفاقی وزیر برائے مذہبی امور مفتی عبدالشکور نے کہا کہ حج ایک مذہبی فریضہ ہے اس کے لئے حکومت پاکستان ہر ممکن بہتری کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ حاجیوں کو حج کے دوران پیش آنے والے مسائل کے تدارک کے لئے کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔ انہوں نے ہوپ وفد سے کہا کہ حاجیوں کی مشکلات کے ازالے کے لئے فوری اقدامات پر عملدرآمد کیا جائے۔ حاجیوں کی طرف سے جائز شکایت ملنے پر کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی غفلت برتنے والے عناصر کے خلاف فوری ایکشن لیا جائے گا۔ تمام اسٹیک ہولڈرز حج کے لئے معاملات میں شفافیت کو یقینی بنائیں اس میں بددیانتی اور بدکرداری نہیں ہونی چاہیے۔ ایسے اقدامات کیے جائیں جس کی وجہ سے حج آپریشن متاثر نہ ہو بلکہ حاجیوں کے لئے آسانیاں پیدا کی جائیں۔ ایڈیشنل سیکرٹری انچارج برائے وزارت مذہبی نے بتایا کہ اس سال پاکستان کی طرف سے 81132 حجاج کرام حج کی سعادت حاصل کریں گے۔ اس دفعہ 40 فیصد کوٹہ گورنمنٹ اور 60 فیصد کوٹہ پرائیویٹ طور پر مخصوص کیا گیا ہے۔ حج آرگنائزرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے وفد نے وزیر موصوف کو یقین دلایا کہ ہماری کوشش ہوگی کہ بہتر کارکردگی کے باعث موجودہ حکومت کی نیک نامی میں اضافے کا باعث بنیں۔ انہوں نے وزارت کی طرف سے کوٹہ کی شفافیت اور انصاف کو سراہا اور اطمینان کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 16

پورے صوبے میں ہر جگہ 10 کلو آٹا کا تھیلا 490 روپے میں دستیاب ہوگا جس سے صوبے کے عوام کو حقیقی معنوں میں ریلیف ملے گا اور مسلم لیگ (ن) کی پنجاب حکومت نے سستے آٹے کی فراہمی کیلئے عوام پر تقریباً سالانہ 200 ارب روپے کا بوجھ کم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ پنجاب حکومت نے رواں برس 45 لاکھ میٹرک ٹن گندم خریدی ہے جس میں سیکرٹری خوراک کو شاباش دیتا ہوں۔ عالمی منڈی میں اس وقت گندم 4 ہزار روپے فی من کے حساب سے مل رہی ہے جبکہ ہم نے اپنے کاشتکار سے 2200 روپے فی من کے حساب سے گندم خریدی ہے۔ وہ ماڈل ٹاؤن میں اتحادی جماعتوں کے رہنماؤں کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب کررہے تھے۔ اراکین پنجاب اسمبلی اسد کھوکھر، سید حسن مرتضیٰ، معاون اعظم، میاں خالد محمود، بجو محسن، نعمان لنگڑیال، اویس لغاری، عطاء اللہ تارڑ اور ذیشان رفیق بھی اس موقع پر موجود تھے۔ وزیر اعلیٰ حمزہ شہباز نے کہا کہ آٹے کی طرح چینی اور گھی کی قیمتیں بھی کم کرنے کیلئے اقدامات کر رہے ہیں اور انشاء اللہ اس بارے میں بھی جلد عوام کو مزید خوشخبری دیں گے۔ میں خود بازاروں کے دورے کروں گا اور پرائس کنٹرول کے حوالے سے حکومتی اقدامات کی مانیٹرنگ کروں گا۔ آپ جانتے ہیں کہ سب سے پہلے شریف فیملی کی شوگر ملوں نے چینی کا ریٹ کم کیا ہے۔ ہم دیگر اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں کمی لانے کیلئے بھی کوشاں ہیں۔ پنجاب میں ڈسٹرکٹ پرائس کنٹرول کمیٹیوں کو از سر نو فعال کردیا گیا ہے۔ پرائس کنٹرول کیلئے مربوط پالیسی کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ جائز منافع کمانا تاجروں کا حق ہے لیکن کسی کو ناجائز منافع خوری کی اجازت نہیں دیں گے۔ وزیر اعلیٰ حمزہ شہباز نے بتایا کہ 30 اپریل کو میں نے صوبے کے عوام کی خدمت کے سفر کا آغاز کیا لیکن افسوس کی بات ہے کہ ابھی تک صدر کے منصب پر بیٹھے شخص کی آئین شکنی کے باعث کابینہ حلف نہیں اٹھا سکی۔ صدر نے عدالتوں کے حکم کا احترام بھی نہیں کیا۔ آئین شکنی کی ایسی مثال 74 سالہ تاریخ میں نہیں ملتی۔ ایوان صدر میں بیٹھا شخص پاکستان کا مجرم ہے۔ 12 کروڑ عوام کا صوبہ ابھی تک گورنر سے محروم ہے۔ پرویز الٰہی نے اسمبلی میں ہماری خواتین پر غنڈوں سے حملہ کرایا اور اب قائم مقام گورنر کا حلف نہ اٹھا کر ہٹ دھرمی کر رہے ہیں۔ پنجاب کابینہ کا حلف نہ لے کر صوبے کے عوام سے زیادتی کی جا رہی ہے کیونکہ بے شمار فیصلے کابینہ کرتی ہے۔ لیکن میں واضح کر دینا چاہتا ہوں کہ ایک لمحہ ضائع کیے بغیر عوام کی خدمت کرتا رہوں گا۔ عمران نیازی ان لیس میری راہ میں جتنی مرضی خاردار تاریں بچھائیں میں ان خاردار تاروں کو عبور کرکے عوام کے ساتھ کھڑا رہوں گا اور کوئی طاقت مجھے مخلوق خدا کی خدمت سے نہیں روک سکتی۔ عمران نیازی کے دور میں پاکستان کے ساتھ 4 برس کھلواڑ کیا گیا۔ یہ سیاست نہیں کررہا بلکہ سیاست کی آڑ میں انتشار اور افراتفری چاہتا ہے۔ عمران نیازی اداروں پر حملہ کرکے انہیں بدنام کرنے کی سازش کررہا ہے۔ ڈالر کی قیمت میں اضافہ عمران نیازی کی نااہلی کی وجہ سے ہوا ہے جس نے 6 ماہ تک یہ فیصلہ نہیں کیا کہ وہ آئی ایم ایف کے پاس جائے یا نہ۔ اس کے دور میں روپیہ 40 فیصد گرا۔ یہ شخص قوم پر ظلم کرکے آج انقلاب کے نعرے لگا رہا ہے۔ عمران نیازی کہتا ہے کہ میرے مارچ میں فوج کے خاندان بھی ہوں گے۔ یہ بات بڑی سنگین بات ہے اداروں کو اس کا نوٹس لینا چاہیے۔ جب معیشت وینٹی لیٹر پر ہے، سیاسی انتشار عروج پر ہے اور پاکستان کے دشمن گھات لگائے بیٹھے ہیں تو یہ فوج کو تقسیم کرنے کی سازش سے پیچھے نہیں ہٹ رہا۔ یہ پاکستان کی تباہی اور بربادی چاہتا ہے۔ اگر تم آلو پیاز کے ریٹ کم کرنے کیلئے وزیر اعظم نہیں بنے تو پھر کرنے کیا آئے تھے؟ احتساب کا جھوٹا نعرہ لگانے والا عمران نیازی توشہ خانے کی چوری کا جواب نہیں دے سکا۔ تم پاکستان کے ساتھ دشمنی کررہے ہو۔ اداروں اور عوام کو اس کا نوٹس لینا پڑے گا کیونکہ تم نے پاکستان کے دوست ملکوں کو ناراض کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 17

بندیال نے کہا ہے کہ ہائی پروفائل کیسز میں تبادلے اور تقرریوں پر تشویش ہے، اس طرح کیوں ہورہا ہے؟ ڈی جی ایف آئی اے نے ایک تفتیشی کو پیش ہونے سے منع کیا، پروسیکیوشن برانچ اور پروسیکیوشن کے عمل میں مداخلت نہیں ہونی چاہیے، پروسیکیوشن کو بتانے کا جاننا چاہتے ہیں، امید ہے وفاقی حکومت ان اقدامات کی وضاحت کرنے میں تعاون کرے گی، ہماری تشویش صرف انصاف فراہمی کیلئے ہے۔

بقیہ بقیہ جات 18

کر احسان کیا، ختم کی جاتی تو ہمارے اوپر احسان ہوگا، ہم نے حکومت لے کر احسان کیا، ختم کی جاتی تو ہمارے اوپر احسان ہوگا، اگر ہمیں اقتدار کا شوق ہوتا تو تین سال تک عمران خان کو چارٹر آف اکانومی کا نہ کہتے، ہمیشہ کہتا تھا عمران خان کو وقت پورا کرنے دیا جائے، خود ڈوب جائے گا مگر عوام، میڈیا سمیت سب نے مجبور کیا کہ اپوزیشن عوام کو مروا رہی ہے، ہمیں کہا گیا عمران کو رستہ دیا گیا

بقیہ بقیہ جات 19

نے کہا کہ مصنوعی ذہانت، کوانٹم کمپیوٹنگ، سائبر سکیورٹی اور اسپیس ٹیکنالوجی میں فکری صلاحیتیں بڑھانا ہوں گی ساتھوں نے کہا کہ اعلیٰ تعلیمی ادارے آئی ٹی کے ہنرمند افراد کی مارکیٹ طلب کو موثر انداز سے پورا کرنے کیلئے فعال طریقہ کار اپنائیں۔ انہوں نے کہا کہ خطے کے دیگر ممالک کے مقابلے پاکستان میں یونیورسٹیوں میں داخلے کی شرح کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ جامعات میں داخلے کی کم شرح جلد بڑھانے کیلئے آن لائن اور ہائبرڈ طریقہ تعلیم کو اپنانا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ ٹیکنالوجی کے شعبے میں نمایاں تبدیلیاں رونما ہو رہی ہیں، پاکستان کو چوتھے صنعتی انقلاب کے ثمرات سے فائدہ اٹھانے کیلئے فیصلہ سازی کی رفتار بڑھانا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کو مارکیٹ کی ضرورت کے مطابق ہنر سے آراستہ کیا جانا چاہیے، نوجوانوں کیلئے 'ڈیجیٹل سکلز' جیسے آن لائن ترجیحی پروگراموں کو وسعت دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جدید ترین آئی ٹی اسکلز نوجوانوں کو روزگار کمانے، قومی معیشت میں حصہ ڈالنے کے قابل بنائیں گی، پاکستان کو ترقی کی تیز رفتار راہ پر گامزن کرنے کے لیے اختراعی اور جدید انداز فکر اپنانا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں اپنے انسانی وسائل بالخصوص نوجوان آبادی کی فکری ترقی پر سرمایہ کاری کرنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کی مسلسل اور پائیدار فراہمی برقرار رکھنے کیلئے توانائی کے قابل تجدید اور غیر قابل تجدید دونوں ذرائع پر توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ جعلی خبروں اور غلط معلومات کے پھیلاؤ سے بچنے کیلئے نوجوانوں میں اخلاقی اقدار اور تنقیدی سوچ پروان چڑھانے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 20

دھماکوں کے 24 سال مکمل ہونے پر 10 روزہ تقریبات منانے کا فیصلہ کیا ہے۔ وفاقی وزیر اطلاعات کی جانب سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے ہدایت کی کہ قیام پاکستان کے 75 سال مکمل ہونے کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات کی طرز پر یوم تکبیر ملک بھر میں قومی جذبے سے منایا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 21

کی جس میں ترک وزیر خارجہ میولود چاؤش اوغلو نے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے مکالمہ کیا کہ میں شکر گزار ہوں کہ آپ نے مجھ سے فون پر بات کی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ مجھے آپ سے مل کر بہت خوشی ہوئی اور میں مستقبل میں ترکی کے ساتھ مشترکہ بنیادوں پر کام کرنے کا خواہاں ہوں۔ ترک وزیر خارجہ میولود چاؤش اوغلو نے کہا کہ ترکی کا ہر فرد یہ جانتا ہے کہ آپ کے نانا شہید ذوالفقار علی بھٹو اور والدہ شہید محترمہ بےنظیر بھٹو نے تعلقات کے فروغ میں کیا کردار ادا کیا۔ ترک وزیر خارجہ میولود چاؤش اوغلو نے کہا کہ ترکی کا ہر فرد یہ جانتا ہے کہ آپ کے والد صدر آصف علی زرداری نے تعلقات کے فروغ میں کیا کردار ادا کیا۔ ترک وزیر خارجہ میولود چاؤش اوغلو نے وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری سے مکالمہ کیا کہ ترکی کا ہر شہری آپ کے خاندان سے واقف ہے۔ ترک وزیر خارجہ میولود چاؤش اوغلو نے کہا کہ یہ دہرانے کی قطعاً ضرورت نہیں کہ ترکی اور پاکستان کے دوطرفہ تعلقات مثالی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور ترکی ایک دوسرے کے لئے ناگزیر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 22

پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ مشیر امور کشمیر نے وزیر اعلیٰ پنجاب کو حلقہ این اے 70 کے مسائل سے آگاہ کیا۔ امور کشمیر نے کہا کہ پی ٹی آئی کی حکومت نے این اے 70 کے عوام کو ترقیاتی منصوبوں سے محروم رکھا۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ پنجاب کے آئندہ اے ڈی پی میں این اے 70 کو خاطر خواہ فنڈز فراہم کیے جائیں۔ دونوں رہنماؤں نے تحریک انصاف کی طرز سیاست اور غیر جمہوری ہتھکنڈوں کی مذمت کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے این اے 70 کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ حمزہ شہباز نے کہا کہ عمران نیازی نے پونے چار برس قوم کو دھوکہ دیا، نوجوانوں کو گھروں اور نوکریوں کے جھوٹے خواب دکھائے۔ وزیر اعلیٰ پنجاب نے کہا کہ غلط پالیسی بنا کر معیشت کو تباہ کیا، پاکستان آج دوراہے پر کھڑا ہے، اتحادی جماعتوں کے ساتھ مل کر عوام کے مسائل حل کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 23

پیش رفت ہوئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نیب نے اعلیٰ حکام سے فرح خان کی طلبی کے نوٹس ارسال کرنے کی درخواست کردی ہے، فرح خان کی فوری طلبی کے لیے مقامی ایڈریس پر کال اپ نوٹس ارسال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ تحقیقاتی ٹیم نے فرح خان کیس میں مختلف ریکارڈ کا جائزہ لینے کے بعد فیصلہ کیا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ نیب نے دونوں ملزمان کے خلاف ریکارڈ کے حصول کے لیے 100 سے زائد مراسلے جاری کیے تھے، مراسلے سرکاری اور نجی اداروں کو ارسال کیے گئے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 24

میں جارہی ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے پر تبصرہ کرتے ہوئے سابق اٹارنی جنرل عرفان قادر نے کہا ہے کہ ادارے وزیر اعظم اور کابینہ کو جواب دہ ہیں، ایگزیکٹو اتھارٹی وزیر اعظم پاکستان اور کابینہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ سپریم کورٹ پراسیکیوشن کے اداروں کی مانیٹرنگ نہیں کرسکتی، عدالت غلطی اب ایگزیکٹو کے ڈومین میں جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن لوگوں کو سپریم کورٹ بلایا گیا انہیں عدالت کو بتانا چاہیے تھا کہ وہ صرف وزیر اعظم اور کابینہ کو رپورٹ کرتے ہیں، آئین میں لکھا ہے کہ وزیر اعظم اور وفاقی کابینہ سپریم کورٹ کو جواب دہ نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جب وزیر اعظم اور وفاقی کابینہ جواب دہ نہیں تو ان کے ماتحت کیسے جواب دہ ہوسکتے ہیں؟

بقیہ بقیہ جات 25

ملک میں اس وقت عوامی حکومت ہے، جس میں وفاق کی تمام اکائیاں اور تمام صوبوں کی نمائندگی موجود ہے، 4 سال عوام کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا گیا، معیشت کو تباہ، مہنگائی کی شرح کو بڑھایا گیا، کنٹینر پر کھڑے ہو کر 4 ہفتوں کی حکومت سے سوال کرنے والے سازشی کو اپنے گریبان میں جھانکنا اور شرم کرنی چاہیے، انتخابات کروانے کا فیصلہ موجودہ حکومت نے کرنا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 26

سابق وزیر اعظم نے کہا کہ اللہ کا شکر کریں کہ اسلام آباد میں ہونے والے پی ٹی آئی کے مارچ کیلئے موسم اچھا ہوگیا ہے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ اس حکومت کے خلاف ہونے والے ہمارے آزادی مارچ میں اتنے لوگ شرکت کریں گے جتنے لوگوں نے نہ صرف پاکستان کی تاریخ میں بلکہ برصغیر کی تاریخ میں کبھی کسی مارچ میں شرکت نہیں کی ہوگی، برصغیر کی تاریخ کا سب سے بڑا عوامی سمندر اسلام آباد میں آنے والا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 27

دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی نے جن 11 اکاؤنٹس سے لاتعلقی کا اظہار کیا آج کہا کہ یہ اکاؤنٹس پی ٹی آئی سیکریٹریٹ کی اجازت کے بغیر کھولے گئے۔ انہوں نے کہا کہ ان اکاؤنٹس کو اسد قیصر سمیت کئی لوگ چلا رہے تھے، پی ٹی آئی نے الیکشن کمیشن کے سامنے کھلا جھوٹ بولا۔ اکبر ایس بابر نے کہا کہ 2012 میں ان اکاؤنٹس کو سیکریٹری پی ٹی آئی استعمال کر رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ابھی تک انہوں نے کسی قسم کی کوئی منی ٹریل پیش نہیں کی، پی ٹی آئی وکیل اب بیرون ملک جا رہے ہیں کیس یکم جون تک ملتوی ہوگیا ہے۔ اکبر ایس بابر نے کہا کہ یہ کیس اسی طرح 8 سال سے طوالت کا شکار ہے، پھر اس کیس میں طوالت کا حربہ استعمال کیا گیا، اس کیس پر نوٹس کیوں نہیں لیتے۔

بقیہ بقیہ جات 28

ملک میں عام انتخابات کرائے جائیں اور عوام کو فیصلہ کرنے دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ حماد اظہر نے کہا کہ آج میں سیاست سے ہٹ کر بات کرنا چاہتا ہوں جو معیشت اور توانائی پر ہوگی۔ پاکستان کی توانائی اور معیشت جب سے یہ حکومت آئی ہے تباہ ہوگئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 29

کہ حکومت میں بڑے لوگوں کے خلاف مقدمات میں تفتیشی ٹیموں کو تبدیل کیا جا رہا ہے، کیسز کے ریکارڈز میں تبدیلی بھی کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چیف جسٹس کی سربراہی میں لارجر بینچ نے اس حوالے سے جو احکامات جاری کیے، وہ خوش آئند ہیں۔ سابق وزیر نے کہا کہ سپریم کورٹ نے واضح کہا کہ شہباز شریف اور دیگر کے مقدمات میں تفتیشی افسران کو تبدیل نہ کیا جائے۔ نیب اور ایف آئی اے کو نوٹس جاری کیے گئے کہ جو تبدیلیاں ہوئیں وہ کیسے اور کس قانون کے تحت ہوئیں۔ انہوں نے کہا کہ مقدمات کے تمام تر ریکارڈ کو سیل کرنے کا بھی حکم دیا گیا ہے، چیف جسٹس نے جج صاحبان کو بھی سمجھایا ہے کہ وہ اپنے معاملات کو شفاف طریقے سے لے کر چلیں۔ سابق وزیر نے کہا کہ ان تمام اقدامات سے عوام کا اعتماد عدلیہ پر بڑھے گا، ایسے اقدامات سے پاکستان میں قانون کی حکمرانی کی راہ ہموار ہوگی

بقیہ بقیہ جات 30

ایک انٹرویو میں شیخ رشید نے کہا کہ اس حکومت نے آتے ہی تمام کیسز کی فائلوں کو بدلا، تفتیشی کار بدل دیئے، جن لوگوں کے پاس ان کے خاندان کے کیسز تھے، سب کو انہوں نے ہٹایا، ذاتی کارکنوں کو پراسیکیوشن میں رکھوا دیا۔ شیخ رشید نے کہا کہ یہ نیب کو دھمکا رہے تھے، سپریم کورٹ نے انہیں روک کر تاریخی اور شہری فیصلہ دیا، نیشنل سکیورٹی کونسل میں بھی معاشی فیصلے ہوتے ہیں؟ ای سی ایل سے وہ وزیر نام نہیں نکال سکتے، حتمی فیصلہ کابینہ کی منظوری سے ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس حکومت نے آتے ہی ڈی جی ایف آئی اے ثناء اللہ عباسی کو ہٹایا، پراسیکیوٹر نے عدالت میں کہا کہ ہمیں اس کیس میں دلچسپی نہیں۔ سابق وزیر نے کہا کہ یہ ہفتہ بڑا اہم ہے، اس ہفتے اہم فیصلے ہوں گے، رانا ثناء اللہ ایسی غلطی کریں گے جو ان کے گلے پڑے گی، خود کو این آر او دینے کا ان کا پچاس سال کا تجربہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف آئی اے کا سارا ریکارڈ یہ لاہور کی دو ماڈل ٹاؤن کوٹھیوں میں لے گئے ہیں، اے این ایف میں 15 شہادتیں تھیں، کسی کو شہادت نہیں دینے دی، انہوں نے فرد جرم بھی نہیں لگنے دی۔ شیخ رشید نے کہا کہ چور کو انصاف کے کٹہرے سے نہیں بچنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 31

کو نقاب سے ڈھانپنے کا حکم دیدیا۔ افغان وزارت امر بالمعروف ونہی عن المنکر کی جانب سے جاری کردہ حکم میں کہا گیا ہے کہ اس کا اطلاق افغانستان میں تمام میڈیا اداروں میں کام کرنے والی تمام خواتین پر ہوگا۔ وزارت نے مزید کہا کہ یہ فیصلہ حتمی ہے اور اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 32

کیے جانے والے ایڈووکیٹ جنرل پنجاب احمد اویس نے کہا ہے کہ آئین کے تحت میں اب بھی ایڈووکیٹ جنرل پنجاب ہوں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اویس احمد نے کہا کہ عدالت نے 27 اے کے نوٹس پر میرے جواب کو بطور ایڈووکیٹ جنرل تسلیم کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل جواد یعقوب نے کوئی جواب نہیں دیا، ہائیکورٹ کے لارجر بنچ کے روبرو پیش ہونے سے مجھے روکا گیا تھا۔ احمد اویس نے بتایا کہ کیس کی تاریخ سے ایک دن پہلے مجھے زبردستی نکال کر آفس لاک کروا دیا گیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ میں اپنا آفس دیکھنا چاہتا ہوں کہ میرے نوٹس ضائع کرنے میں کون کون ملوث ہیں، ایسے لوگوں کے خلاف کارروائی کریں گے، کوئی رعایت نہیں ہوگی۔

بقیہ بقیہ جات 33

معاف کردیتے ہیں مگر تاریخ معاف نہیں کرتی، بہتری کا راستہ انتخابات ہے، جس سے سیاسی افراتفری اور معاشی عدم استحکام ختم ہوجائے گا، اگر آپ نے کوئی غلطی کی تو پاکستان کو شدید نقصان ہوگا۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے سابق وزیر برائے ترقی و منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا کہ ان کے دور حکومت میں زراعت میں نمو کی شرح 3.5 سے 4 فیصد کے درمیان رہی، پاکستان کی نصف آبادی سے زائد زراعت پر انحصار کرتے ہیں، تین سال زراعت کی کارکردگی بہترین رہی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 34

تلہ گنگ نے جمعرات کو وفاقی وزیر برائے نیشنل فوڈ سکیورٹی طارق بشیر چیمہ سے ان کے دفتر میں ملاقات کی جس میں سیکرٹری نیشنل فوڈ سکیورٹی کیپٹن (ر) محمد آصف، ایس بی ایس جاوید ہمایوں اور ٹیکنیکل ایڈوائزرز ڈاکٹر اکمل صدیقی بھی موجود تھے۔ طارق بشیر چیمہ نے کہا کہ پاکستان کو زراعت کی جدید کاری اور زرعی مصنوعات میں ویلیو ایڈیشن کو اپ گریڈ کرنے کے حوالے سے جرمنی کے تجربات سے استفادہ کرنے کی ضرورت ہے۔

بقیہ بقیہ جات 35

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) نے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید کے اس بیان ''کہ نگران وزیر اعظم کیلئے معیشت دانوں کے انٹرویوز راولپنڈی اور اسلام آباد میں ہو رہے ہیں'' کی تردید کی ہے۔ جمعرات کو نجی ٹی وی کے اینکر پرسن اور سینئر صحافی حامد میر نے اپنے پروگرام میں گزشتہ روز دیے گئے سابق وزیر داخلہ شیخ رشید احمد کے اس بیان ''کہ نگران وزیر اعظم کیلئے معیشت دانوں کے انٹرویوز راولپنڈی اور اسلام آباد میں ہو رہے ہیں اور 31 مئی سے پہلے فیصلے ہو جائیں گے'' سینئر صحافی نے کہا کہ میں نے شیخ رشید کے بیان کے حوالے سے آئی ایس پی آر سے رابطہ کیا تو انہوں نے سابق وزیر داخلہ کے اس بیان ''کہ نگران وزیر اعظم کیلئے معیشت دانوں کے انٹرویوز راولپنڈی اور اسلام آباد میں ہو رہے ہیں'' کی تردید کی۔

بقیہ بقیہ جات 36

جاتیں، کیوں کہ انتخاب تو ہوا ہی نہیں، یہ تو نہیں اسپیکر ہی نہیں کرتے کیوں کہ حمزہ کا تو حلف بھی نہیں ہوا، پنجاب میں ان کو سرپرائز دیں گے جیسے پہلے سرپرائز دیئے تھے، ن لیگ کی ٹکٹ اب قلم کی ٹکٹ بن گئی ہے، اور یہ قلم بھی فیل ہے۔ اسپیکر پنجاب اسمبلی کا کہنا تھا کہ کبھی ایسا نہیں ہوا کہ پولیس اسمبلی کے اندر گھسے اور کارروائی ہاتھ میں لے، ہمارے پاس برطانوی ہائی کمشنر آئے تو انہوں نے بتایا کہ انگلینڈ میں سو سال پہلے ایسا واقعہ ہوا تھا، لیکن وہاں پر بادشاہ نے آکر معافی مانگی اور جتنے چھلانگ مار کر آئے وہ سارے قتل ہوگئے، حمزہ نے مجھ پر حملہ کروایا۔

بقیہ بقیہ جات 37

کی تکمیل کے حوالے سے کہا کہ حکومت میں شامل تمام اتحادی جماعتوں کی رائے ہے کہ حکومت کو اپنی آئینی مدت مکمل کرنی چاہیے، ملک کے لیے مشکل فیصلے کرنے پڑے تو ضرور کئے جائیں گے لیکن ایسا اسی صورت میں ممکن ہے کہ مدت مکمل ہو، ایک دو روز میں اس حوالے سے راستہ نکل آئے گا۔ انہوں نے شیخ رشید کے راولپنڈی میں وزارت عظمیٰ کے انٹرویوز کے بیان پر کہا کہ شیخ رشید ایک غیر سنجیدہ انسان ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 38

ریو کے مذاکرات ہیں جو 23 مئی تک جاری رہیں گے جبکہ ابتدائی مذاکرات میں پاکستان نے آئی ایم ایف کے زیادہ تر مطالبات تسلیم کرنے پر آمادگی ظاہر کی ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستانی حکام نے سبسڈی میں کمی کرنے اور [illegible] کیلئے ٹائم فریم دینے پر آمادگی کا اظہار کیا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف پروگرام کی مدت اور قرض کی رقم بڑھانے پر بھی مثبت بات چیت رہی۔

بقیہ بقیہ جات 39

عمران خان کی جانب سے کوہاٹ جلسے میں لائٹنگ کے انتظامات ٹھیک نہ ہونے پر شہریار آفریدی سے شکوہ کیا گیا تھا کہ اتنا بڑا اسٹیڈیم بھرا ہوا ہے لیکن لائٹنگ ٹھیک نہ ہونے کی وجہ سے آدھا اسٹیڈیم نظر ہی نہیں آرہا، اس حوالے سے ٹھیکیدار کا کہنا تھا کہ 100 فیصد لائٹیں تو بند نہیں تھیں، جلسے کی 80 فیصد لائٹیں ٹھیک کام کر رہی تھیں۔ ٹھیکیدار نے بتایا کہ تحریک انصاف کے جلسے کے لیے 65 لاکھ کا ٹھیکہ طے پایا تھا جس میں سے 30 لاکھ روپے ادا کیے گئے ہیں جبکہ 35 لاکھ دینے باقی ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 40

تہاڑ جیل میں قید ہیں، کشمیری قیادت کی آواز دبانے کی کوشش پر پاکستان کو شدید تشویش ہے، غیر قانونی ہتھکنڈوں سے کشمیریوں کے جذبہ حریت کو دبایا نہیں جاسکتا۔ انہوں نے کہا کہ 2019 سے تہاڑ جیل میں قید یاسین ملک بھارتی ظلم و ستم سہ رہے ہیں، عالمی برادری کشمیری رہنماؤں سے روا غیر انسانی سلوک کا نوٹس لے۔

بقیہ بقیہ جات 41

پیپلز پارٹی کے چیئرمین نے شہید ایس ایچ او شکیل احمد کے لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کیا۔

بقیہ بقیہ جات 42

حالات میں ملک کو نگران سیٹ اپ کے حوالے نہیں کیا جاسکتا، ہم کڑے امتحان سے گزر رہے ہیں، ملکی معیشت کیلئے مشکل فیصلے کرنے ہوں گے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانا ہوں گی لیکن کوشش کی جائے عوام پر بوجھ نہ پڑے۔ شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ پیٹرول کی قیمت میں 47 روپے اضافے کی ضرورت ہے مگر موٹر سائیکل والوں کو کارڈ کے ذریعے سبسڈی دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ آرمی چیف کی تقرری نومبر میں ہی ہونی چاہیے، فوج اور حکومت کو ایک پیج پر ہونا چاہیے اور ہم ایک پیج پر ہیں، حکومت کو ہر ادارے کی سپورٹ ہو تو کارکردگی دکھا سکتے ہیں، ملک کیلئے ایک پیج ہو تو معاملات حل ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے ممبران قانونی طور پر رکن اسمبلی ہیں، پی ٹی آئی اپنے استعفے واپس لینا چاہے تو لے سکتی ہے، حق میں ہوں کہ صدر اور گورنر رہیں، آئینی ذمہ داری پوری کریں۔

بقیہ بقیہ جات 43

علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی نے اس موقع پر متحدہ عرب امارات کے سفیر حمد عبید ابراہیم الزعابی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ عرب امارات کے خلیفہ مرحوم شیخ زید النہیان بہت عظیم انسان تھے پاکستان میں رفاہی کاموں میں ان کی قابل قدر خدمات ہیں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کی عوام کو انہوں نے قریب کیا ان کے دور میں پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے تعلقات مزید مستحکم ہوئے وہ پاکستان کے مخلص دوست تھے ان کی گرانقدر خدمات کو پاکستان کی عوام اور دینی حلقے ہمیشہ یاد رکھیں گے شاہی خاندان متحدہ عرب امارات کی حکومت اور عوام سے اس موقع پر ہم اظہار ہمدردی و اظہار تعزیت کرتے ہیں مرکزی علماء کونسل پاکستان سے منسلک مساجد اور مدارس میں ان کیلئے ایصال ثواب اور دعائے مغفرت کروائی گئی ہے اس وفد میں وائس چیئرمین پیر جی خالد محمود قاسمی مرکزی سیکرٹری جنرل علامہ شاہ نواز فاروقی نائب صدر پنجاب مولانا ابوسفیان سیکرٹری جنرل پنجاب حافظ مقبول احمد صاحبزادہ حسین احمد قاسمی بھی موجود تھے۔

بقیہ بقیہ جات 44

دیانت دارانہ اور ایماندارانہ فیصلے کرسکے۔ گزشتہ روز سپریم کورٹ نے حکومتی شخصیات کی جانب سے تحقیقات میں مداخلت پر از خود نوٹس لیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 45

کر کے آر پی او بہاولپور کا چارج بھی دے دیا گیا۔ کیپٹن محمد سہیل چوہدری ڈی آئی جی کمیونیکیشن اینڈ ٹرانسپورٹ کو تبدیل کرکے ڈی آئی جی آپریشنز لاہور تعینات کردیا گیا کامران عادل ڈی آئی جی آپریشن سی پی او پنجاب کو تبدیل کر کے ڈی آئی جی انویسٹی گیشن لاہور تعینات کردیا گیا۔ ڈی آئی جی انویسٹی گیشن لاہور شہزادہ سلطان کو تبدیل کرکے ان کی خدمات حکومت پنجاب کے سپرد کر دی گئی ہیں۔ آر پی او فیصل آباد عمران محمود کو تبدیل کرکے ان کی خدمات بھی حکومت پنجاب کے سپرد کر دی گئی ہیں، آر پی او بہاولپور شیر اکبر کو تبدیل کرکے انکی خدمات بھی پنجاب حکومت کے سپرد کر دی گئی ہیں۔ معین مسعود آر پی او ساہیوال کو تبدیل کرکے ایس اینڈ جی اے ڈی میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کر دی گئی ہے۔ جاوید اکبر ریاض ریجنل پولیس آفیسر ملتان کو تبدیل کرکے سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن میں رپورٹ کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 46

عتیق الرحمٰن کو دوبارہ کنٹریکٹ پر بھرتی کرلیا گیا ہے، ان کی تنخواہ ایک لاکھ 40 ہزار مقرر کی گئی ہے، عتیق الرحمٰن کی تقرری ری ایمپلائمنٹ پالیسی 2013 کی بھی خلاف ورزی ہے۔ استدعا ہے عدالت عتیق الرحمٰن کی بطور ایس ڈی او تقرری کالعدم قرار دے اور عتیق الرحمٰن کو ادا کردہ تنخواہیں واپس لینے کا حکم دیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 47

ریفرنڈم دے چکے ہیں۔ کرائم منسٹر قوم سے معافی مانگیں اور اپنی شکست تسلیم کرکے فوری الیکشن کروائیں پاکستان کے موجودہ حالات دن بہ دن بدتر ہوتے جارہے ہیں۔ امپورٹڈ حکومت ایک سازش کے تحت ملک کا دیوالیہ نکالنے کے لئے آئی ہے امپورٹڈ حکومت میں شامل سیاستدانوں کی سیاست ہمیشہ کے لئے دفن ہونے جارہی ہے عمران خان کی سربراہی میں ملک ترقی کرے گا۔ حلیم عادل شیخ نے وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کو امریکہ میں طبی معائنے جانے پر تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ شاہ صاحب آپ امریکہ علاج کے لئے جارہے ہیں لیکن سندھ کے عوام کا کیا بنے گا، کیا آپ لوگوں نے 14 سالوں میں کوئی اچھا اسپتال نہیں بنایا؟ جہاں آپ لوگوں جیسوں کا علاج ہو سکے۔ سندھ میں صحت کی سہولیات ناپید ہو چکی ہیں آپ لوگوں کے دعوے ادھورے ہیں تھر میں بچے مر رہے ہیں لاڑکانہ میں ایڈز پھیل رہا ہے آپ لوگوں نیا سپتالیں کرپشن کرنے کے لئے این جی اوز کے حوالے کررکھی ہیں سرکاری اسپتالوں میں علاج کی سہولیات ناپید ہو چکی ہیں سرکاری اسپتالوں میں لاشیں اٹھانے کے لئے ایمبولینس تک دستیاب نہیں آپ پھر بھی علاج کے لئے امریکہ جارہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

کو پولیو کی بیماری کی شدت اور پولیو ویکسین کی اہمیت سے آگاہ کرنے کے لیے پرنٹ، الیکٹرانک اور سوشل میڈیا کے ذریعے ایک مضبوط مثبت آگاہی مہم شروع کی جانی چاہیے جس میں 30 تا 60 سیکنڈ کی ایک دستاویزی ویڈیو بنا کر پرائم ٹائم میں آن ائیر کی جائے جس کے ذریعے عوام کو پولیو کے خطرناک نتائج سے آگاہ کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 49

سے لاہور جاتے ہوئے شہری کا پرس اور سعودی عرب کا رہائشی پرمٹ گر گیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 50

پر گرفتار کرا دیا۔ انہوں نے کہا کہ اسلام کی مثالیں دینے والے کا یہ ہے اصل چہرہ اور اصلیت۔ انہوں نے کہا کہ اعلیٰ عدلیہ کو اس معاملے کا نوٹس لینا چاہیے، کیا عمران نیازی ہر قانون سے بالاتر ہے؟ انہوں نے کہا کہ عمران نیازی خیبر پختونخوا حکومت کے وسائل اور اختیارات کا ناجائز استعمال کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مظلوم ٹھیکیدار کو انصاف دلایا جائے، عمران نیازی کی غنڈہ گردی سے نجات دلائی جائے، 9 سال سے خیبر پختونخوا میں کچھ نہ کرسکنے والا عوام کو تبدیلی کے سبز باغ دکھا رہا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

واقعہ پیش آیا ہے، سی سی پی او پشاور اعجاز خان کے مطابق ایس ایچ او گاڑی میں اکیلے تھے جبکہ حملہ آور ان کی گاڑی کا پیچھا کر رہے تھے۔ سی سی پی او کے مطابق حملہ آور سفید رنگ کی گاڑی میں موجود تھے جنہوں نے کلاشنکوف اور دیگر اسلحہ سے فائرنگ کرکے ایس ایچ او شکیل خان کو شہید کیا۔

بقیہ بقیہ جات 52

کہ 12 مئی کو صدر بم دھماکے میں ملوث ایک ملزم گزشتہ روز رات 3 بجے ماڑی پور میں سی ٹی ڈی اور حساس ادارے کی کارروائی میں ہلاک ہوا۔ انہوں نے بتایا کہ تحقیقات کے دوران کئی لوگ شک کے دائرے میں تھے، پھر شارٹ لسٹ کیا گیا، اداروں کی تحقیقات جاری تھی کہ ماڑی پور کی کارروائی میں کامیابی ملی، مقابلے میں ملزم اللہ ڈنو اور اس کا ایک ساتھی مارا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ہلاک ملزم اللہ ڈنو نے ریموٹ کنٹرول کے ذریعے دھماکہ کیا۔

بقیہ بقیہ جات 53

انچیف اور دیگر عسکری حکام سے اہم ملاقاتیں کیں جس میں باہمی دلچسپی کے پیشہ ورانہ امور اور دو طرفہ بحری تعاون پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق میزبان حکام نے خطے میں بحری امن و استحکام کیلئے پاک بحریہ کی کاوشوں کو سراہا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق نیول چیف نے مصری بحریہ کے جہاز اور دیگر تنصیبات کا بھی دورہ کیا۔ ترجمان پاک بحریہ کے مطابق سربراہ پاک بحریہ کا مصر کا یہ دورہ دونوں ممالک کے مابین تعلقات کو مزید فروغ دے گا۔

بقیہ بقیہ جات 54

ماضی میں عدالتی اصلاحات اور انتخابی اصلاحات کیوں نہیں کی گئیں، اصلاحات کرتے تو آج یہ لوگ اس قسم کی باتیں نہ کرتے، ماضی میں ریکارڈ کیوں جلایا کرتے تھے۔ رہنما پی ٹی آئی نے کہا کہ ڈاکٹر رضوان کے انتقال کی جوڈیشل انکوائری ہونی چاہیے، سپریم کورٹ ازخود نوٹس لیتی ہے تو اس کو عمل کرنا چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف کے لیے تو بھارتی لوگ کہتے رہے کہ ہماری سرمایہ کاری ہے، نواز شریف بھارتی اور اسرائیلی اسٹیک ہولڈرز سے کیوں ملتے رہے، نواز شریف کی ضمانت شہباز شریف نے دی جس پر خود مقدمات ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 55

غریبوں پر ظلم ڈھانے کے لیے نہیں لی۔ ان خیالات کا اظہار عابد شیر علی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ بے حد خوشی ہے کہ پاک سرزمین پر واپس آیا ہوں جو پاکستان 18، 2017 میں بجلی کا یونٹ دیتا تھا عمران خان نے وہ یونٹ مہنگا کردیا، شوگر مافیا نے چینی اور آٹا مہنگا کردیا ہے، چوروں کا ڈون فرح گوگی کا سرغنہ پاکستان کی جیبوں پر ڈاکہ مارتا رہا، ندیم بابر کو این آر او دے کر باہر بھیج دیا گیا، عمران خان کے ساتھی چور ڈاکو تھے آج حاجی بن گئے۔ عابد شیر علی نے کہا کہ نواز شریف کی تقریروں کو بند کیا گیا۔ ڈالر ایک سو پانچ روپے تھا عمران حکومت میں ایک سو نوے تک پہنچا، عمران خان کی دی ہوئی لوڈشیڈنگ دس دس گھنٹے تک پہنچ گئی، آج سڑکوں پر نکل کر لوگوں کو بیوقوف بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے اسی لاکھ لوگوں کو بیروزگار کیا گیا، آج ملکی معیشت آئی ایم ایف کی غلام بنتے جارہی ہے۔ اسحاق ڈار کی قیادت میں آئی ایم ایف کو گڈ بائے کہا تھا، ایک مہینے میں سارا ملبہ ہماری حکومت پر ڈالنے کی سازش ہے، ہمیں بھی بتایا جائے کہ کونسی سازش رچائی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ نیب کے پاؤں میں زنجیریں ڈالنے کی سازش کی جارہی ہے، ساڑھے تین سال سب ایک پیج پر رہے تو آٹا، چینی، بجلی مہنگی ہوگئی، ہر سازش کو بے نقاب کریں گے، حکومت غریبوں پر ظلم ڈھانے کے لیے نہیں لی، نواز شریف بھی پاکستان آرہے ہیں، نواز شریف کو ناجائز مقدمات میں ڈال کر باہر نکالا گیا، نواز شریف کو جیل میں رکھا گیا لیکن آج تک انہوں نے ریاست کے خلاف بات نہیں کی، جے آئی ٹی بنا کر نواز شریف کو غلط سزائیں دی گئیں، تمام سکینڈل اور ڈاکیومنٹ ایویڈینس موجود ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حمزہ شہباز نے اپنی شوگر ملوں سے چینی سستی دینے کی ابتدا کی ہے۔ عوام کو خوشحال کرنے کے لئے ہر حد تک جائیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 56

درخواست دائر کی۔ گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ کی برطرفی کا نوٹیفکیشن اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کردیا گیا۔ رجسٹرار آفس نے اعتراض عائد کردیا گیا۔ گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ نے سینئر قانون دان بابر اعوان ایڈووکیٹ کے ذریعے دائر درخواست میں وفاق، سیکرٹری صدر پاکستان اور سپیکر پنجاب اسمبلی کو فریق بنا کر برطرفی نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دینے کی استدعا کرتے ہوئے موقف اختیار کیا

بقیہ بقیہ جات 57

جلسے کا ایک پلے کارڈ خوب وائرل ہوا ہے، جس پر ایک پی ٹی آئی کے حامی کی جانب سے علیم خان اور جہانگیر ترین کے پی ٹی آئی چھوڑنے پر خوشی کا اظہار کیا جارہا ہے۔ اس کارڈ پر کارکن کا لکھنا ہے کہ نہ علیم رہا نہ ترین رہا، رب کا فیصلہ بہترین رہا۔ جلسے میں شریک متعدد افراد بھی سوشل میڈیا پر اپنے جوش و جذبے کے سبب خوب توجہ کا مرکز بنتے ہوئے ہیں۔ دوسری جانب ایک اور پلے کارڈ بھی زیر گردش ہے جس میں لکھا ہوا ہے کہ افسوس اس میں پہلے ن لیگ کا حامی تھا۔ ایک اور دلچسپ پلے کارڈ پر ایک کارکن کا لکھنا ہے کہ مجھے اپنی اہلیہ کو لے کر سسرال جانا تھا اور میں جلسے میں آگیا ہوں، یقیناً میری بیوی اب مجھ سے ناراض ہو جائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 58

کی توسیع، سیل کی ٹیکنالوجیز کے زیادہ سے زیادہ استعمال اور ٹیلی کام کے شعبے میں تازہ ترین پیش رفت کے حوالے سے معلومات کے تبادلے کو یقینی بنانا شامل ہے اس کے تحت دونوں اداروں کے لیے دستیاب معلومات اور تجربے کے پیش نظر استعداد و صلاحیت کی تعمیر نیز متعلقہ مسائل اور تکنیکی ترقی جیسے موضوعات کے حوالے سے اجلاس / مباحثوں کے فوری ترجیحی امور کا انعقاد بھی شامل ہے۔ تقریب میں چیئرمین پی ٹی اے، انسپکٹر جنرل این ایچ ایم پی، ممبر کمپلائنس اینڈ انفورسمنٹ (سی اینڈ ای) اور پی ٹی اے اور این ایچ ایم پی کے سینئر افسران نے شرکت کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے چیئرمین پی ٹی اے میجر جنرل (ریٹائرڈ) عامر عظیم باجوہ نے کہا کہ پی ٹی اے کی جانب سے اس بات کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کئے جارہے ہیں

بقیہ بقیہ جات 59

اور خاموش رہیں، دونوں ممالک کی جانب سے میڈیا کو ریلیز کی جانے والی ویڈیو بھی اسی طرح جاری ہو گی۔

بقیہ بقیہ جات 60

براڈ بینڈ کی فراہمی کیلئے وزارت آئی ٹی 90 سے 95 فیصد سبسڈی دے رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ڈیجیٹلائزیشن کے عمل کیلئے عوامی شکایات کا ازالہ اور نیٹ ورکنگ کو وسعت دینا ناگزیر ہے، ڈیجیٹل پاکستان کیلئے رکاوٹوں کو دور کرنے اور ٹیلی کام سیکٹر کیساتھ تعاون بڑھانے کیلئے پرعزم ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ ٹیلی کام سیکٹر پر عائد ٹیکس کو کم کرنے اور دیگر مسائل کیلئے اعلیٰ سطح پر کوششیں جاری ہیں، ڈیجیٹل دنیا، ای کامرس، روزمرہ معمولات سمیت تمام شعبوں میں جدت کی متقاضی ہے۔ ہیڈ آف ٹیلی نار ایشیا نے کہا کہ ٹیلی نار پاکستان میں جدید ٹیکنالوجی کی شمولیت اور سروسز کو وسعت دینے کیلئے کام کررہا ہے۔ یار گن سی آر تھو نے کہا کہ موبائل صارفین کی مشکلات سے آگاہ اور سروسز میں بہتری کیلئے مزید سرمایہ کاری کے خواہاں ہیں۔ عرفان وہاب نے کہا کہ معاشرے کی ترقی کیلئے ٹیکنالوجی ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 61

ایس ایس کی ہندوتوا سوچ پر عمل پیرا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت ماضی میں افضل گورو اور مقبول بھٹ جیسے کشمیری رہنماؤں کا عدالتی قتل کر چکا ہے۔ قمر زمان کائرہ نے کہا کہ بھارتی نظام انصاف مودی کی ہندو انتہا پسند حکومت کے ہاتھوں یرغمال ہے۔ انہوں نے کہا کہ سالوں سال یاسین ملک کو تہاڑ جیل میں بے گناہ قید رکھنے کے باوجود بھارت ان کے عزم کو شکست نہیں دے سکا۔ انہوں نے کہا کہ سات دہائیوں کا بھارتی ظلم و جبر کشمیریوں کے حق خود ارادیت کی جدوجہد کو کچلنے میں ناکام ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کشمیری تمام تر بھارتی ہتھکنڈوں کے باوجود اپنا حق خود ارادیت لے کر رہیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 62

اپنی سیاسی بقاء کا سامنا ہے، ان شاء اللہ آئندہ عام انتخابات میں بہت سی ضمانتیں ضبط ہو جائیں گی اور تحریک انصاف دو تہائی اکثریت حاصل کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے آزادی مارچ کی آگاہی مہم کے سلسلہ میں این اے 131 میں منعقدہ ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ ہمایوں اختر خان سے تاجر رہنماؤں نے بھی ملاقات کی اور آزاد مارچ میں بھرپور شرکت کی یقین دہانی کرائی۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ عمران خان ملک میں ایسے طبقات کی آواز بن گیا ہے جن کی پہلے کوئی آواز نہیں تھی عمران خان نے ثابت کیا ہے

بقیہ بقیہ جات 63

ذرائع کے مطابق مذکورہ پارک کی دیکھ بھال کیلئے ڈیوٹی سرانجام دینے والے آٹھ مالی میٹروپولیٹن کارپوریشن افسران کے گھروں میں ڈیوٹی پر مامور ہیں۔ رائے ونڈ کے شہریوں کے لئے بنائے گئے پارکس میں جھولے ٹوٹ پھوٹ کا شکار ہیں خواتین اور بچے اس پارکس آنے سے خوف کھاتے ہیں آوارہ جانوروں کا بسیرا ہے موذی حشرات الارض کی بھرمار اور گٹروں کے گندے پانی سے پارکس بیماریاں پھیلانے کا سبب بن رہا ہے۔ رائے ونڈ ٹاؤن کمیٹی میٹروپولیٹن کارپوریشن میں ضم ہونے کے بعد شہری خوار ہوکر رہ گئے ہیں۔ شہریوں نے وزیر اعظم شہباز شریف سے مطالبہ کیا ہے کہ رائے ونڈ کے وسائل کو بے دردی سے لوٹنے اور شہریوں کو مسائل میں دھکیلنے والے میٹروپولیٹن کارپوریشن افسران کے خلاف سخت کارروائی کا حکم دیں تاکہ شہریوں کی تکالیف کا ازالہ ممکن ہو۔

بقیہ بقیہ جات 64

پر تھوکنے کے مترادف ہے۔ اربوں روپے کی کرپشن کا مجرم حمزہ شہباز آج پھر پنجاب میں کرپشن اور لاقانونیت کا ننگا کھیل کھیل رہا ہے۔ حمزہ شہباز سو پیاز اور سو جوتے کھا کر ہی وزارت اعلیٰ سے استعفیٰ دے گا۔

بقیہ بقیہ جات 65

گزشتہ دنوں سماجی رابطے کی ویب سائٹ پر وائرل ہوئی تھی، جس پر انہیں سخت تنقید کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ مختصر ویڈیو میں ٹک ٹاکر کو 'پسوڑی' گانے پر آگ کے سامنے سے گزرتے ہوئے دیکھا جاسکتا تھا۔ مذکورہ ویڈیو مبینہ طور پر مارگلہ پہاڑیوں کے سلسلے میں شوٹ کی گئی تھی جہاں موجود درختوں اور جھاڑیوں کو آگ بھی لگائی گئی۔ اپنے ایک معاون کی جانب سے جاری کردہ وضاحتی ویڈیو بیان میں حمیرا اصغر المعروف ڈولی آفیشل نے کہا کہ ویڈیو میں نظر آنے والی آگ انہوں نے نہیں لگائی جبکہ ویڈیو بنانے میں کوئی نقصان نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 66

20 مئی کو جو کال عمران خان دیں گے اس پر لبیک کہتے ہوئے اسلام آباد پہنچیں گے اور ہمیشہ ہمیشہ کیلئے اس غلامی کے طوق سے چھٹکارا حاصل کریں گے پاکستان بنانے میں جو جذبہ اور جنون تھا آج پاکستان کو بچانے کے لئے ایسے جذبے اور جنون کی ضرورت ہے یہی جذبہ اور جنون پاکستان کو بچائے گا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صوبائی حلقہ پی پی 8 گوجر خان میں پی ٹی آئی کے ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کیا

بقیہ بقیہ جات 67

کہا کہ صوبہ سندھ نے ورکرز ویلفیئر بورڈ سمیت دیگر لیبر کے قوانین بنا لیے ہیں اور اب ہم تمام ذیلی محکموں کو ایک چھتری تلے لے جانے کے حوالے سے قانون سازی چاہتے ہیں تاہم ورکرز ویلفیئر فنڈ اور ای او بی آئی کی صوبوں کو سپردگی نہ کئے جانے کے باعث قانون سازی تعطل کا شکار ہے۔ اس موقع پر وفاقی وزیر ساجد طوری نے صوبائی وزیر سعید غنی کو یقین دہانی کروائی کہ اس سلسلے میں جلد ہی تمام صوبوں سے مشاورت کے بعد مسائل کو حل کرلیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 68

گاہیں، تاج محل ہو یا اورنگ آباد کا مقبرہ، مسلمان خاتون کا حجاب ہو یا برقعہ کچھ بھی محفوظ نہیں ہے۔ ذرا سوچیں کہ کیا تین چار سو سال گزرنے اور نام نہاد مندر پر مسجد کی تعمیر کے بعد کوئی بھی مندر کے آثار بچ سکتے ہیں؟ مسلمانوں کا کہنا ہے کہ حوض کے فوارے کو شیولنگ کے "مقدس" نام سے موسوم کیا جارہا ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ مسلمانوں کو عدالتوں سے انصاف نہیں مل رہا۔ اس صورتحال میں مسلمان ممالک کچھ کرسکتے تھے، مگر وہاں کے تخت نشینوں کے ضمیر جگانے والے [illegible]۔ علاج صرف اور صرف مسلمانان ہند کو تاریخ سے سبق سیکھنے میں مضمر ہے۔ خود ہندو کی ہزار سالہ غلامی کی تاریخ، یورپ کے تاریک ادوار، یہود کی نشاۃ ثانیہ گواہ ہیں کہ اقوام عالم تعلیم، تربیت، راست گوئی و راست روی، عمل پیہم، یقین محکم اور اتحاد کے زریں اصولوں پر کاربند ہوکر حقوق و معاشرہ میں کھویا ہوا مقام حاصل کرتے ہیں۔ ہند کے معتوب مسلمانوں کیلئے بھی اب صرف ان کی اپنی جہد مسلسل ہے، جو رنگ لا کر رہے گی۔

اسلام آباد، وفاقی وزیر سید نوید قمر سے برطانوی ہائی کمشنر کرسچن ٹرنر ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان ملک کا بیڑہ غرق کر کے اب سڑکوں پر نکل کر لوگوں کو بیوقوف بنا رہے ہیں، عابد شیر علی

بے حد خوشی ہے کہ پاک سرزمین پر واپس آیا ہوں جو پاکستان 2017,18 میں بجلی کا یونٹ دیتا تھا عمران خان نے وہ یونٹ مہنگا کر دیا، شوگر مافیا نے چینی اور آٹا مہنگا کر دیا ہے

چور ڈاکو فرح گوگی کا سرغنہ پاکستان کی جیبوں پر ڈاکہ مارتا رہا، ندیم بابر کو این آر او دیکر باہر بھیج دیا گیا، عمران خان کے ساتھی چور ڈاکو تھے آج حاجی بن گئے، نواز شریف کی تقریروں کو بند کیا گیا

ڈالر ایک سو پانچ روپے تھا عمران حکومت میں ایک سو نوے تک پہنچا، عمران خان کی دی ہوئی لوڈشیڈنگ دس دس گھنٹے تک پہنچ گئی، پاکستان کے اسی لاکھ لوگوں کو بیروزگار کیا گیا، گفتگو

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے مرکزی رہنما عابد شیر علی نے کہا ہے کہ عمران خان ملک کا بیڑہ غرق کر کے اب سڑکوں پر نکل کر لوگوں کو بیوقوف بنا رہے ہیں، چور ڈاکو فرح گوگی کا سرغنہ پاکستان کی جیبوں پر ڈاکہ مارتا رہا، عمران خان کے ساتھی چور ڈاکو تھے آج حاجی بن گئے، ایک مہینے میں سارا ملبہ ہماری حکومت پر ڈالنے کی سازش ہے، ہر سازش کو بے نقاب کریں گے۔ حکومت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 55)

اسلام آباد، چیئرمین نادرا ملک طارق ملک وفاقی وزیر ساجد حسین طوری سے ملاقات کر رہے ہیں

عمران خان اسلام آباد میں لاکھوں کا مجمع اکٹھا نہیں کر سکتے

سعد رفیق

انکے پاس اسلام آباد کو گھیرنے کی طاقت نہیں لیکن وہ فساد پیدا کرنے کی کوشش ضرور کریں گے، خواجہ سعد رفیق

مشکل فیصلے اسی صورت میں ممکن ہیں جب حکومت کی مدت مکمل ہو، ایک دو روز میں راستہ نکل آئیگا، وفاقی وزیر ریلوے

لاہور (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ عمران خان اسلام آباد میں لاکھوں کا مجمع اکٹھا نہیں کر سکتے، وہ جو دعوی کرتے ہیں کہ اسے 100 سے تقسیم کر لیا جائے، ان کے پاس اسلام آباد کو گھیرنے کی طاقت نہیں لیکن وہ فساد پیدا کرنے کی کوشش ضرور کریں گے، حکومت اس فساد کو قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے روکے گی۔ نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے سعد رفیق نے حکومت کی آئینی مدت (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 37)

اسلام آباد، وفاقی وزیر شیری رحمٰن متحدہ عرب امارات کے سفارت خانے کے دورے کے دوران شیخ خلیفہ بن زید النہیان کے انتقال پر اظہار تعزیت کر رہی ہیں

عمر سرفراز چیمہ کی برطرفی درخواست پر اسلام آباد ہائیکورٹ کا بنچ تشکیل

گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ کو عہدے سے ہٹانا غیر قانونی ہے، پنجاب میں ایک شخص جو اختیارات استعمال کر رہا ہے وہ غیر قانونی ہے

وزیراعظم نے اپنے بیٹے کو فائدہ دینے کیلئے غیر قانونی عہدے سے ہٹایا، کابینہ ڈویژن کے نوٹیفکیشن جاری کروانیوالوں کیخلاف بھی کارروائی کریں، موقف

اسلام آباد (سٹاف رپورٹ) سابق گورنر پنجاب عمر سرفراز چیمہ کی برطرفی درخواست پر اسلام آباد ہائیکورٹ کا بنچ تشکیل دے دیا گیا ہے۔ عمر سرفراز چیمہ کی درخواست رجسٹرار آفس نے اعتراضات کے ساتھ سماعت کے لیے مقرر کر دی، اسلام آباد ہائی کورٹ کے چیف جسٹس اطہر من اللہ درخواست پر آج سماعت کریں گے۔ سابق گورنر نے برطرفی نوٹیفکیشن کو کالعدم قرار دینے کی استدعا کی ہے جبکہ انہوں نے بابر اعوان ایڈووکیٹ کے ذریعے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 56)

پاکستان نے آئی ایم ایف کے زیادہ تر مطالبات تسلیم کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی

پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ابھی تکنیکی سطح کے مذاکرات ہیں جو 23 مئی تک جاری رہیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے آئی ایم ایف کے زیادہ تر مطالبات تسلیم کرنے پر آمادگی ظاہر کر دی۔ عالمی مالیاتی ادارے (آئی ایم ایف) اور پاکستان کے درمیان مذاکرات دوسرے روز بھی جاری ہیں جس کیلئے سیکرٹری خزانہ، چیئرمین ایف بی آر اور قائم مقام گورنر اسٹیٹ بینک دوحہ میں موجود ہیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان ابھی تکنیکی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 38)

اسلام آباد، وفاقی وزیر ساجد حسین طوری سے سعودی عرب کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

وزیر خارجہ کی پشاور میں پولیس موبائل پر فائرنگ کی مذمت

واقعہ میں ملوث ملزمان کو فوراً گرفتار کیا جائے، بلاول بھٹو زرداری

اسلام آباد (این این آئی) وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری نے پشاور میں پولیس موبائل پر فائرنگ کی مذمت کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ واقعہ میں ملوث ملزمان کو فوراً گرفتار کیا جائے۔ اپنے بیان میں چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے واقعہ میں تھانہ شاہ پور کے ایس ایچ او کی شہادت پر افسوس کا اظہار کیا۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ واقعہ میں ملوث ملزمان کو فوراً گرفتار کیا جائے۔ پاکستان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 41)

اسلام آباد، وفاقی وزیر شیری رحمٰن مرغزار چڑیا گھر میں IWMB کے قائم کردہ کنٹرول روم کا دورہ کر رہی ہیں

شہریار آفریدی کے کہنے پر تھانے میں بند کیا گیا، ٹھیکیدار پی ٹی آئی جلسہ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے کوہاٹ کے انتظامات کرنے والے ٹھیکیدار نے کہا ہے کہ انہیں پی ٹی آئی رہنما شہریار آفریدی کے کہنے پر پولیس نے تھانے میں بند کیا۔ نجی ٹی وی سے بات چیت کرتے ہوئے ٹھیکیدار نے کہا کہ شہریار آفریدی کے کہنے پر مجھے تھانے میں بند کیا گیا۔ ٹھیکیدار نے معاملے کی وضاحت کرتے ہوئے بتایا کہ میں نے پاکستان تحریک انصاف کے کوہاٹ جلسے میں کام کیا لیکن وہاں آنے والے طوفان کے باعث سب کچھ درہم برہم ہو گیا اور ٹاور بھی گر گئے۔ یاد رہے کہ چیئرمین پی ٹی آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 39)

یاسین ملک پر الزامات، پاکستان کی بھارتی حکام کے جعلی اقدام کی شدید مذمت، بھارتی ناظم الامور کی دفتر خارجہ طلبی، شدید احتجاج

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے حریت رہنما محمد یاسین ملک کے خلاف من گھڑت الزامات عائد کرنے پر بھارتی حکام کے جعلی اقدام کی شدید مذمت کرتے ہوئے بھارتی ناظم الامور کو طلب کر کے احتجاج ریکارڈ کروایا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارتی ناظم الامور کو طلب کر کے حریت رہنما یاسین ملک کے خلاف من گھڑت بھارتی الزامات کی شدید مذمت کی اور احتجاجی مراسلہ بھارتی ناظم الامور کے حوالے کیا۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ حریت رہنما یاسین ملک بدنام زمانہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 40)

نیب کے 112 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کے تبادلے کر دیئے گئے

اسلام آباد (این این آئی) نیب کے 112 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کے تبادلے کر دیئے گئے۔ چیئرمین نیب جسٹس (ر) جاوید اقبال کی منظوری کے بعد نوٹیفکیشن جاری کے مطابق بلوچستان کے 17 اسسٹنٹ ڈائریکٹرز کا مختلف ریجنز میں تبادلہ کیا گیا۔ لاہور، کراچی، راولپنڈی، خیبرپختونخوا، سکھر کے ایک ایک افسر کا تبادلہ کیا گیا۔ سید سائیس، محسن علی، شاہ پور خان، آفتاب احمد کا نیب راولپنڈی تبادلہ کیا گیا، عدنان پرویز، حیدر قیوم کا خیبرپختونخوا، سرفراز نواز، احسان قادر کا نیب ملتان تبادلہ کیا گیا۔

عمران خان کے گجرانوالہ جلسے سے چند دلچسپ تصاویر وائرل ہوگئیں

نہ علیم رہا نہ ترین رہا، رب کا فیصلہ بہترین رہا، پلے کارڈ کی رپورٹ

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی جانب سے گزشتہ روز کیے گئے گوجرانوالہ میں جلسے کی چند دلچسپ تصویریں سوشل میڈیا وائرل ہوگئیں۔ گوجرانوالہ میں سابق وزیراعظم، پی ٹی آئی کے چیئرمین عمران خان کی جانب سے کیا گیا جلسہ دلچسپ پلے کارڈز اور معذور افراد کی شرکت کے سبب سوشل میڈیا پر بھی توجہ کا مرکز بن گیا ہے۔ سوشل میڈیا پر اس وقت گوجرانوالہ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 57)

لاہور، خواجہ عمران نذیر اور خواجہ سلمان رفیق پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

قمر زمان کائرہ کی بھارتی عدالت کی جانب سے یاسین ملک کو مجرم قرار دینے کی شدید مذمت

بھارت کا ہر ریاستی ادارہ آر ایس ایس کی ہندوتوا سوچ پر عمل پیرا ہے، مشیر امور کشمیر کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) امور کشمیر قمر زمان کائرہ نے بھارتی عدالت کی جانب سے یاسین ملک کو مجرم قرار دینے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بھارت کا ہر ریاستی ادارہ آر ایس ایس کی ہندوتوا سوچ پر عمل پیرا ہے۔ اپنے بیان میں قمر زمان کائرہ نے کہا کہ بے بنیاد الزامات کی بنیاد پر یاسین ملک کو مجرم قرار دینا انتہائی افسوسناک ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کا ہر ریاستی ادارہ آر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 61)

اسلام آباد، وفاقی وزیر آئی ٹی اینڈ ٹیکنالوجی سید امین الحق سے ٹیلی نار کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پی ٹی اے اور این ایچ ایم پی کے درمیان مفاہمت کی یادداشت پر دستخط

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) اور نیشنل ہائی ویز اینڈ موٹر ویز پولیس (این ایچ ایم پی) نے پی ٹی اے ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں باہمی مفاہمت کی ایک مشترکہ یادداشت پر دستخط کیے۔ دونوں اداروں کے مابین باہمی دلچسپی کے شعبوں میں تعاون اور اشتراک سے پاکستان کے تمام موٹر ویز پر تیز رفتار رابطوں اور معیاری ڈیجیٹل خدمات کے حوالے سے مثبت اثرات مرتب ہوں گے۔ تعاون کے شعبوں میں بہتر کارکردگی کے لئے روابط کا طریقہ کار وضع کرنا، موٹر ویز پر آواز، ڈیٹا کنیکٹیویٹی اور کوریج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 58)

پاک امریکہ وزرائے خارجہ ملاقات کے آغاز پر پروٹوکول کی ایک فاش غلطی

نیویارک (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن اور وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری کے درمیان ملاقات کے آغاز پر پروٹوکول کی ایک فاش غلطی دیکھنے میں آئی۔ ملاقات کے کمرے میں امریکا اور پاکستان کے جھنڈے لگے ہوئے تھے، امریکی وزیر خارجہ انٹونی بلنکن پاکستانی جھنڈے اور پاکستانی وزیر خارجہ بلاول بھٹو زرداری امریکی پرچم کے سامنے کھڑے ہو گئے۔ دونوں ممالک کے وزرائے خارجہ ملاقات سے قبل اپنے ابتدائی کلمات ادا کرتے رہے اور دونوں وزرائے خارجہ کی معاونین کی ٹیمیں بھی پروٹوکول کی اس غلطی سے ناواقف (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 59)

وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کام سید امین الحق سے ہیڈ آف ٹیلی نار ایشیا کی قیادت میں وفد کی ملاقات، آئی ٹی و ٹیلی کام کے حوالے سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر آئی ٹی و ٹیلی کام سید امین الحق سے ہیڈ آف ٹیلی نار ایشیا کی قیادت میں وفد نے ملاقات کی جس میں آئی ٹی و ٹیلی کام کے حوالے سے گفتگو کی گئی۔ وفد کے قائد یارگن سی آرنٹزن، سی ای او عرفان وہاب اور وزارت آئی ٹی کے حکام شریک ہوئے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ سروسز معیار کو بہتر کرنے کیلئے ٹیلی کام سیکٹر کو اپنا انفراسٹرکچر اپ گریڈ کرنا ہوگا۔ سید امین الحق نے کہا کہ پسماندہ و دور دراز علاقوں میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 60)

عمران خان کے جلسے کی لائٹنگ ٹھیک نہ ہونے پر ٹھیکیدار کو گرفتار کرنے کی شدید مذمت

اعلیٰ عدلیہ کو اس معاملے کا نوٹس لینا چاہیے، کیا عمران نیازی ہر قانون سے بالاتر ہے؟، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر انجینئر امیر مقام نے عمران خان کے جلسے کی لائٹنگ ٹھیک نہ ہونے پر ٹھیکیدار کو گرفتار کرنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ 24 گھنٹے سے جنگل شیل تھانہ عمران نیازی کے جنگل کے قانون کی مثال بنا ہوا ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ کوہاٹ جلسے کی لائٹنگ ٹھیک نہ ہونے کے جرم پر عمران خان نے ٹھیکیدار شیخ انوار کو سزا کے طور (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 50)

پشاور میں تھانے جاتے ہوئے کار پر فائرنگ سے ایس ایچ او شاہ پور شکیل خان شہید

ایس ایچ او گاڑی میں اکیلے تھے، حملہ آور ان کی گاڑی کا پیچھا کر رہے تھے، ذرائع

پشاور (این این آئی) پشاور میں تھانے جاتے ہوئے کار پر فائرنگ سے ایس ایچ او شاہ پور شکیل خان شہید ہو گئے ہیں۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق تھانہ شاہ پور کے ایچ او کی گاڑی پر فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے جس کے نتیجے میں ایچ او شاہ پور شکیل خان شہید ہو گئے ہیں۔ پشاور پولیس کے مطابق ایس ایچ او شکیل خان گھر سے تھانے کی طرف روانہ ہو رہے تھے جہاں چمکنی کے علاقے میں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 51)

لاہور، مسلم لیگ ن کے رہنما عابد شیر علی کو پاکستان آمد کے موقع پر سابقہ چیئرمین ساجد چوہان ایئرپورٹ پر پھولوں کا گلدستہ پیش کر رہے ہیں

کراچی: صدر دھماکا، ہلاک ملزم کے حوالے سے مزید سنسنی خیز انکشافات

اللہ ڈنو کی مختلف مقدمات میں ضمانت ہو چکی تھی، عدالت سے ضمانت کے بعد دہشتگرد نے کارروائیاں کیں، مرتضیٰ وہاب

کراچی (این این آئی) کراچی میں کاؤنٹر ٹیررازم ڈیپارٹمنٹ کے ہاتھوں مقابلے میں ہلاک ملزم کے حوالے سے مزید انکشافات سامنے آئے ہیں۔ مشیر قانون و ترجمان سندھ حکومت بیرسٹر مرتضیٰ وہاب کے ہمراہ سی ٹی ڈی پولیس حکام نے ایک پریس کانفرنس کی جس میں ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی عمران یعقوب منہاس اور ڈی آئی جی سی ٹی ڈی سندھ خرم علی بھی موجود تھے۔ پریس کانفرنس میں اس دہشت گرد گروپ کے بارے میں تفصیلات جاری کی گئیں۔ مرتضیٰ وہاب نے بتایا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 52)

موجودہ حالات میں ملک نگراں حکومت کے حوالے نہیں کر سکتے

شاہد خاقان عباسی

حکومتی اتحاد کا فیصلہ ہے کہ مدت پوری کرنی چاہیے، ان حالات میں ملک کو نگراں سیٹ اپ کے حوالے نہیں کیا جا سکتا

ملکی معیشت کیلئے مشکل فیصلے کرنے ہوں گے، پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتیں بڑھانا ہوں گی لیکن کوشش کی جائے عوام پر بوجھ نہ پڑے، سابق وزیراعظم

لاہور (این این آئی) سابق وزیراعظم و مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ اس وقت ملک کو نگراں حکومت کے حوالے نہیں کر سکتے، ہمارے پاس دو راستے ہیں حکومت میں رہ کر مشکل فیصلے کریں یا حکومت چھوڑ کر عوام کے پاس چلے جائیں، اس حق میں ہوں کہ صدر اور گورنر رہیں اور آئینی ذمہ داری پوری کریں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ حکومتی اتحاد کا فیصلہ ہے کہ مدت پوری کرنی چاہیے۔ ان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 42)

چیئرمین مرکزی علماء کونسل صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی کا شیخ خلیفہ بن زید النہیان کے انتقال پر شاہی خاندان سے اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین مرکزی علماء کونسل پاکستان صاحبزادہ زاہد محمود قاسمی کا شیخ خلیفہ بن زید النہیان کے انتقال پر شاہی خاندان متحدہ عرب امارات کی حکومت اور عوام سے اظہار تعزیت۔ اسلام آباد میں متحدہ عرب امارات کے سفارتخانہ میں متحدہ عرب امارات کے سفیر حمد عبید ابراہیم الزعابی سے مرحوم صدر شیخ خلیفہ بن زید النہیان کی وفات پر تعزیت کی اور شیخ خلیفہ مرحوم کے بلندی درجات اور مغفرت کیلئے دعا کی اور اپنے تعزیتی تاثرات کتاب میں قلم بند کئے۔ چیئرمین مرکزی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 43)

اسلام آباد، وفاقی وزیر طارق بشیر چیمہ سے جرمنی کے سفیر ملاقات کر رہے ہیں

اسلام آباد، وفاقی وزیر ساجد حسین طوری متحدہ عرب امارات کے سفارت خانے کے دورے کے دوران وزٹرز بک پر تعزیتی پیغام لکھ رہے ہیں

عام انتخابات میں بہت سی ضمانتیں ضبط، تحریک انصاف دو تہائی اکثریت حاصل کرے گی

ہمایوں اختر خان

سازش کے ذریعے حکومت ختم کیے جانے کے بعد تحریک انصاف ایک غیر معمولی طاقت بن کر ابھری ہے اور ہمارے مخالفین کو آج اپنی سیاسی بقا کا سامنا ہے

کئی کئی دہائیوں تک حکمرانی کرنے کے باوجود ناکام رہنے والے سازش کے ذریعے دوبارہ اقتدار پر بٹھا دیئے گئے ہیں، مرکزی رہنما پی ٹی آئی

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر مرکزی رہنما و سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ عمران خان نے اقتدار میں رہتے ہوئے ملکی خزانے میں نقب نہیں لگائی اور یہی وجہ ہے کہ حکومت سے الگ ہونے کے بعد وہ سرے محل یا پارک لین نہیں بلکہ سیدھے اپنے گھر بنی گالہ گئے، سازش کے ذریعے حکومت ختم کیے جانے کے بعد تحریک انصاف ایک غیر معمولی طاقت بن کر ابھری ہے اور ہمارے مخالفین کو آج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 62)

زرمبادلہ میں کمی سے معیشت بگڑ رہی ہے، بزنس کونسل

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان بزنس کونسل نے کہا ہے کہ زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی، بڑھتے ہوئے مالیاتی خسارے اور روپے کی قدر میں کمی سے معیشت خراب ہو رہی ہے۔

ملک عظیم الشان جدوجہد، بیشمار قربانیاں دے کر حاصل کیا گیا، غلام سرور خان

مگر اس کے باوجود حقیقی آزادی حاصل نہ ہو سکی، اب ڈو مور نہیں بلکہ ابسلیوٹلی ناٹ ہوگا

گوجر خان (این این آئی) سابق وفاقی وزیر و رہنما پی ٹی آئی غلام سرور خان نے کہا ہے کہ یہ ملک ایک عظیم الشان جدوجہد اور بیشمار قربانیاں دے کر حاصل کیا گیا ہے مگر اس کے باوجود حقیقی آزادی حاصل نہ ہو سکی اور ہم سے ایک ہی مطالبہ کیا گیا کہ ڈو مور مزید قربانیاں دو اور لاشیں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 66)

چیف ایڈیٹر ۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی
مسلسل اشاعت کا بارواں سال
Email- info@awamilalkaar.com
Website: www.awamilalkaar.com
Email: info@awamilalkaar.com
Google Play app: AWAMI LALKAAR

ملک بھر سے نمائندگان درکار ہے

نمائندگی کے خواہشمند خواتین وحضرات اپنا تجربہ، شناختی کارڈ کی تصویر، اپنی تصویر، یونین کونسل نمبر، شہر کا نام لکھ کر دیئے گئے نمبر پر واٹس ایپ کیجیے۔

واٹس ایپ: 03097900035
Editor in Chief
Muhammad Faisal Nadeem

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 1500/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے ویب سائٹ ہم سے بنوائیں۔
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free (.top) Domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
- News Website
- Business Website
- School Website
- TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائیں گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
Call / Whatsapp
0309-7900035
E-Commerce Website
Price: 3000/- PKR